فَجَاءَ ثَالِثًا وَ رَفَعَ صَوْتَهٗ، فَقَالَ : جِئْتُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَ أَنْتَ تَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَشْغُوْلٌ عَنْكَ وَ لَا تَأْذَنُ لِيْ .

فَسَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صَوْتَهٗ، فَقَالَ : يَا أَنَسُ مَنْ هٰذَا؟

فَقُلْتُ : هٰذَا عَلِيٌّ .

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فَقَالَ : أَدْخِلْهُ . فَلَمَّا دَخَلَ نَظَرَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَ :

[اَللّٰهُمَّ] وَ إِلَيَّ . حَتّٰى قَالَهَا ثَلَاثًا .

ثُمَّ قَالَ : يَا عَلِيُّ أَيْنَ كُنْتَ؟ فَأَنِّيْ قَدْ دَعَوْتُ رَبِّيْ ثَلَاثًا أَنْ يَأْتِيَنِيْ بِأَحَبِّ خَلْقِهِ إِلَيْهِ يَأْكُلُ مَعِيَ مِنْ هٰذَا الطَّائِرِ .

قَالَ : قَدْ جِئْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَحَجَبَنِيْ أَنَسُ .

قَالَ : يَا أَنَسُ لِمَ حَجَبْتَ عَلِيًّا؟

قَالَ : لَمْ أَحْجِبْهُ لِهَوَانِ عَلِيٍّ، وَ لٰكِنِّيْ أَحْبَبْتُ أَنْ يَكُوْنَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذْهَبَ بِصَوْتِهَا وَ شَرَفِهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ .

فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : مَا أَنْتَ بِأَوَّلِ رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمَهُ .

فَقَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ : أَنْتَ رَجُلٌ قَدْ خَرِفْتَ وَ ذَهَبَ عَقْلُكَ وَ لَئِنْ ضَرَبْتُكَ عَلَى مَا سَبَقَ مِنْكَ قَالَ النَّاسُ ضَرَبَ خَادِمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، وَ لٰكِنْ أُخْرُجْ عَنِّيْ، وَ إِيَّاكَ أَنْ تُحَدِّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ مِنْ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

[بَعْدِ] يَوْمِكَ هٰذَا .

فَقَالَ أَنَسُ : وَاللّٰهِ لَأُحَدِّثَنَّ مَا دُمْتُ حَيًّا، وَ مَا كَتَمْتُهُ،

فَإِنِّي قَدْ شَهِدْتُ وَ رَأَيْتُهُ .

فَقَالَ الْحَجَّاجُ : أَخْرِجُوْهُ عَنِّي، فَإِنَّهُ [شَيْخٌ] قَدْ خَرَفَ .

حسن بصری کہتے ہیں کہ میں حجاج کے پاس گیا تو حجاج نے کہا: اے حسن! تو ابوتراب علی بن ابی طالب علیہ السلام کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

میں نے پوچھا: ان کی کونسی حالت کے بارے میں؟

حجاج نے کہا: میری مراد یہ ہے کہ کیا علیؑ اہل جنت میں سے ہیں یا اہل نار میں سے؟

حسن بصری نے جواب دیا: میں ابھی تک جنت میں نہیں گیا تا کہ اہل جنت کو پہچان سکوں اور نہ جہنم میں گیا ہوں تا کہ اہل جہنم کو پہچان سکوں لیکن

مجھے امید ہے کہ علیؑ اہل جنت میں سے ہیں کیونکہ تمام لوگوں میں وہ سب سے پہلے وہ اللہ اور رسول پر ایمان رکھنے والے ہیں اور حسن و حسین علیہما السلام کے باپ، فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے شوہر ہیں

اس کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ آزمائش اور مصیبتیں برداشت کرنا،

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کرنا،

اور اللہ تعالیٰ نے جو اس کے بارے میں آیات نازل فرمائی ہیں وہ واضح ہیں۔

حجاج نے کہا: تجھ پر افسوس ہے علیؑ نے جنگ جمل اور صفین میں مسلمانوں کو قتل کیا حالانکہ خدا فرماتا ہے "اور جو شخص کسی صاحب ایمان کو جان بوجھ کر قتل کر دے تو اس کی سزا جہنم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کہ جس میں وہ ہمیشہ کے لیے رہے گا اور خدا اس پر غضب نازل کرتا ہے اور اسے اپنی رحمت سے محروم کر دیتا ہے اور اس کے لئے اس نے عذاب عظیم مہیا کر رکھا ہے۔'' یعنی جو کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔

پھر حجاج نے کہا: (نعوذ باللہ۔ نقل کفر کفر نباشد خاک بدہن قائل معاذ اللہ) وہ اہل نار میں سے ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خادم انس بن مالکؓ وہاں بیٹھے تھے پس وہ غصہ کی حالت میں کھڑے ہو گئے اور کہا: اے حجاج! تو نے مجھے مجبور کر دیا اور (حضرت علیؑ کے خلاف بول کر) مجھے غضبناک کیا۔

پھر انسؓ نے کہا: میں گواہ ہوں کہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تھا حضرت نے تین دن سے کچھ نہ کھایا تھا اتنے میں جبرائیلؑ جنت سے ایک بھنا ہوا پرندہ سفید رنگ کی روٹی پر رکھ کر لے آئے جس سے (تازہ ہونے کی وجہ سے) دھواں نکل رہا تھا۔ پس جبرائیلؑ نے کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اللہ آپ کو سلام کہہ رہا ہے اور یہ تحفہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کی بھوک مٹانے کے لئے ہے پس آپ کھائیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کھانے کی طرف دیکھا پھر سر کو بلند کیا اور فرمایا: خدایا! اپنی مخلوقات میں سے سب سے زیادہ اپنے محبوب بندے کو بھیج دے جو (میرے ساتھ) اس سے کھائے۔

(انسؓ کہتے ہیں:) اچانک علی آئے، دروازہ کھٹکھٹایا، میں علیؑ کی طرف گیا، علیؑ نے کہا: میرے اندر آنے کی پیغمبر سے اجازت لو۔

(انسؓ کہتے ہیں:) میں نے کہا: پیغمبر فارغ نہیں ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ دوسری مرتبہ آئے جبکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا مانگ رہے تھے اور کہہ رہے تھے بارِ الٰہا! ایسا شخص بھیج جو تجھے سب سے زیادہ پیارا ہو میں نے علیؑ سے کہا: پیغمبر مشغول ہیں۔

پس علیؑ تیسری مرتبہ آئے اور بلند آواز سے کہا: میں تین مرتبہ آیا ہوں اور تم ہر مرتبہ کہتے ہو پیغمبرؐ فارغ نہیں، میرے لئے اذن نہیں لیتے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کی آواز سن لی

حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے انس! یہ کون ہے؟

میں نے کہا: یہ علیؑ ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ کو اندر لے آؤ جب علی اندر آئے تو پیغمبرؐ نے علیؑ کی طرف دیکھا پھر فرمایا میری طرف آؤ (اور یہ جملہ تین مرتبہ فرمایا)۔

پھر فرمایا: یا علیؑ تم کہاں تھے جبکہ میں نے تین مرتبہ خدا سے دعا مانگی کہ اپنا سب سے پیارا محبوب میرے پاس بھیج جو میرے ساتھ اس کھانے میں شریک ہو۔

علیؑ نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں تین مرتبہ آیا لیکن انسؓ نے مجھے روکا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے انس! تو نے کیوں علی علیہ السلام کو روکا؟

میں نے کہا: اس وجہ سے نہیں روکا کہ علیؑ کی شخصیت میرے لئے کم تھی بلکہ میں چاہتا تھا کہ انصار میں سے کوئی مرد آئے تا کہ یہ سعادت وشرف قیامت تک ہم انصار کے ساتھ رہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پہلے شخص نہیں جو اپنی قوم سے محبت کرتا ہے۔

حجاج نے انس سے کہا: تو خرافات بکتا ہے اور تیری عقل ختم ہو گئی ہے اگر میں تجھے ماروں اگر چہ تیری گذشتہ خدمات بھی ہیں تو لوگ کہیں گے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادم کو مارا ہے لیکن یہاں سے چلا جا اور کسی کو یہ حدیث بیان نہ کرنا۔

انسؓ نے کہا: خدا کی قسم! جب تک زندہ ہوں اس حدیث کو بیان کرتا رہوں گا اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھپاؤں گا نہیں۔ میں نے خود مشاہدہ کیا ہے اور خود دیکھا ہے۔

حجاج نے کہا: اس کو میری محفل سے نکال دو یہ بوڑھا ہے جو خرافات بکتا ہے۔ (۱)

الحدیث الحادی و العشرون (۲۱)

عَنْ اَبِیْ أَمَامَةَ الْبَاهِلِیْ قَالَ :

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لِعَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ :

أَبْشِرْ يَا عَلِیُّ فَقَدْ سَأَلْتُ رَبِّیْ فِیْكَ أَرْبَعَ خِصَالٍ فَأَعْطَانِیْ ثَلَاثًا ، وَ مَنَعَنِیْ وَاحِدَةً .

فَقَالَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ : وَ مَا الثَّلَاثُ؟ وَ مَا الْوَاحِدَةُ؟

فَقَالَ : سَأَلْتُ رَبِّیْ أَنْ يُعَاوِنَنِیْ بِعَلِیٍّ عَلٰی مِفْتَاحِ الْجَنَّةِ فَأَعْطَانِیْ .

وَ سَأَلْتُهُ أَنْ يُبْرِیءَ ذِمَّتِیْ ، وَ يُنْجِزَ عِدَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ فَأَعْطَانِیْ .

(۱) بحار الانوار، احقاق الحق

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

وَ سَأَلْتُهُ أَنْ تَجْتَمِعَ عَلَيْهِ أُمَّتِيْ مِنْ بَعْدِيْ، فَأَبىٰ عَلَيَّ رَبِّيْ، فَقَالَ : يَا مُحَمَّدُ وَ هُوَ بِهِمْ مُبْتَلى، وَ هُمْ بِهِ مُبْتَلُوْنَ مَعَ أَنِّيْ لَا أُنَقِّصُهُ مِمَّا أَدَّخِرُ لَهُ عِنْدِيْ شَيْئًا .

ابوامام باہلی کہتے ہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا: یا علیؑ! تمہیں خوش خبری ہو کہ میں نے تمہارے بارے میں خدا سے چار چیزوں کا سوال کیا خدا نے تمہیں تین دی ہیں اور ایک روک لی۔

حذیفہ ابن یمان نے پوچھا: وہ تین کون سی ہیں (جو قبول ہوئیں) اور ایک چیز (جو روک لی گئی) کونسی ہے؟

حضور نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے (پہلا) سوال کیا کہ جنت کی چابی اُٹھانے کے لئے میرا علیؑ کے ذریعے تعاون فرما، خدا نے یہ چیز مجھے عطا فرمائی ہے،

فرمایا: (دوسرا) سوال میں نے خدا سے یہ کیا ہے کہ علیؑ میرے بعد میری ذمہ داریاں پوری کرے اور میرے وعدوں کو پورا کرے خدا نے مجھے عطا،

فرمایا: میں نے (تیسرا) سوال کیا کہ میرے بعد علیؑ پر میری ساری امت جمع ہو جائے خدا نے اس سے انکار کر دیا اور خدا نے فرمایا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت کے لوگوں کے ذریعے میں علیؑ کا امتحان لوں گا اور علیؑ کے ذریعے میں امت کا امتحان لوں گا ساتھ یہ بھی ہے کہ علیؑ کے لئے جو اجر و ثواب میں نے ذخیرہ کر رکھا ہے اس سے کم نہ کروں گا۔ (۱)

(۱) سیر اعلام النبلاء ج ۱۷ ص ۲۴۵

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث الثانی و العشرون (۲۲)

عَنْ أَبِي لَيْلَى الْاَنْصَارِيُ رضی اللہ عنہ، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم :
اَلصِّدِّيْقُوْنَ ثَلَاثَةٌ .

حَبِيْبُ النَّجَارِ، مُؤْمِنُ الِ يٰسِيْن ﴿قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾﴾

وَ حِزْقِيْلُ مُؤْمِنُ الِ فِرْعَوْنَ ، قَالَ ﴿اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ﴾ (۲)

وَ الثَّالِثُ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ، وَ هُوَ أَفْضَلُهُمْ .

ابولیلیٰ انصاری کہتے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا صدیق تین ہیں:

پہلا صدیق حبیب نجار؛ قرآن جس کے بارے میں کہتا ہے کہ حبیب نے کہا: "قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾" (سورۃ

(۱) سورہ یٰسین ... ۱۹، ۲۰

(۲) سورہ غافر ۲۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یٰسین ... ۲۰،۲۱) کہا اے میری قوم ان رسولوں کی پیروی کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے ان کی پیروی کرو حالانکہ یہ ہدایت یافتہ ہیں۔

دوسرا صدیق حزقیل؛ مومن آل فرعون جس نے کہا: "اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ" (سورۂ مومن ...۲۸) کیا تم ایسے مرد کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے میرا رب اللہ ہے۔

تیسرا صدیق؛ علی علیہ السلام جوان سب سے افضل ہے۔(۱)

الحديث الثالث و العشرون (۲۳)

شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ النَّخْعِيُّ الْقَاضِيُّ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ الْأَعْمَشِ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَ ابْنُ أَبِيْ لَيْلٰى فَالْتَفَتَ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَ كَانَ أَكْبَرُهُمْ وَ قَالَ لَهُ:

يَا أَبَا مُحَمَّدٍ إِتَّقِ اللّٰهَ فَإِنَّكَ فِيْ أَوَّلِ يَوْمٍ مِنْ أَيَّامِ الْاٰخِرَةِ، وَ اٰخِرِ يَوْمٍ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا، وَ قَدْ كُنْتَ تُحَدِّثُ فِيْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ بِأَحَادِيْثَ لَوْ أَمْسَكْتَ عَنْهَا لَكَانَ خَيْرًا لَكَ.

قَالَ: فَقَالَ الْأَعْمَشُ: لِمِثْلِيْ يُقَالُ هٰذَا؟! أَسْنِدُوْنِيْ

(۱) در منثور ج۵ ص۲۶۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أَسْنِدُونِي .

حَدَّثَنِي أَبُوالْمُتَوَكِّلُ النَّاجِيُّ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخِدْرِيِّ، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لِيْ وَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ : أَدْخَلَا النَّارَ مَنْ أَبْغَضَكُمَا ، وَ أَدْخِلَا الْجَنَّةَ مَنْ أَحَبَّكُمَا ، وَ ذٰلِكَ قَوْلُه تَعَالٰى : ﴿أَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ﴾(۱)

قَالَ : فَقَامَ أَبُوْحَنِيْفَةَ وَ قَالَ : قُوْمُوْا، لَا يَجِيْءُ بِمَا هُوَ أَطَمَّ مِنْ هٰذَا .

قَالَ : فَوَاللهِ مَا جُزْنَا بَابَهُ حَتّٰى مَاتَ الْأَعْمَشُ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ .

شریک ابن عبداللہ نخعی قاجی کہتا ہے کہ ہم اعمش کی بیماری کے وقت اعمش کے پاس تھے جس بیماری میں وہ فوت ہوئے تو ابوحنیفہ اور ابن ابی لیلیٰ آئے، ابوحنیفہ ان میں بڑا تھا اس نے اعمش کی طرف متوجہ ہو کر کہا: اے ابومحمد! اللہ سے ڈر تو آخرت کے پہلے دن میں اور دنیا کے آخری دن میں ہے اور تحقیق تو علیؑ کے بارے میں حدیثیں بیان کرتا رہا ہے اگر تو یہ کام چھوڑ دے تو تیرے لئے بہتر ہوگا۔

(۱) سورۂ ق ۲۴

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اعمش نے کہا: کیا میرے جیسے شخص کو یہ بات کہی جا رہی ہے مجھے سہارا دو، مجھے سہارا دو، پھر اعمش اٹھ کر بیٹھ گیا اور کہنے لگا مجھے ابو المتوکل ناجی نے ابوسعید خدری سے نقل کرتے ہوئے بتایا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا اللہ تعالیٰ مجھ سے اور علیؑ سے فرمائے گا جو تم دونوں سے محبت رکھتا ہے اس کو جنت میں داخل کر دو اور جو تم دونوں سے بغض رکھتا ہے اس کو جہنم کی آگ میں داخل کر دو۔ یہی اللہ کا قول ہے: (روزِ قیامت خدا حکم دے گا) جہنم میں ڈال دو ہر کافر، متکبر اور ہٹ دھرم کو۔" (سورۂ ق ... ۲۴) یعنی تم دونوں بہت کفر کرنے والے اور عناد رکھنے والے کو جہنم میں داخل کر دو۔

راوی کہتا ہے کہ ابوحنیفہ اُٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا چلو اس سے زیادہ عظیم بات نہ ہوگی۔

راوی کہتا ہے کہ ہم ابھی اس کے دروازے سے نکلنے نہ پائے تھے کہ اعمش نے وفات پائی۔(۱)

سکینہ
حیدرآباد لطیف آباد، یونٹ نمبر ۸۔C1

الحدیث الرابع والعشرون (۲۴)

عَنْ مَعْقَلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ:

بَيْنَا أَنَا أُوَضِّىءُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فَقَالَ عَلَيْهِ وَ آلِهِ السَّلَامُ: أُرِيْدُ أَنْ أَعُوْدَ فَاطِمَةَ فَقَامَ وَ تَوَكَّأَ عَلَيَّ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهَا، قَالَ

(۱) برهان ج ۴ ص ۲۲۵ بشارة المصطفى ص ۵۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لَهَا : كَيْفَ أَنْتَ بُنَيَّة؟

قَالَتْ : طَالَ سُقْمِيْ وَ اشْتَدَّتْ فَاقَتِيْ .

فَقَالَ : أَمَّا تَرْضَيْنَ أَنَّ زَوْجَكِ أَقْدَمُ أُمَّتِيْ سِلْمًا وَ أَحْكَمُهُمْ عِلْمًا .

معقل ابن یسار کہتا ہے کہ میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کرا رہا تھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی عیادت کروں۔ پس حضرت کھڑے ہوئے اور میرا سہارا لیا اور جب اپنی بیٹی کے گھر پہنچے تو فرمایا: اے میری پیاری بیٹی! تمہارا حال کیسا ہے؟

(جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا) عرض کرتی ہیں کہ میری بیماری طولانی ہوگئی اور فاقہ شدت اختیار کر گیا ہے۔

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ تیرا شوہر اسلام میں میری امت میں سب سے زیادہ مقدم اور علم میں ساری امت سے زیادہ محکم ہے۔ (۱)

الحديث الخامس والعشرون (۲۵)

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْه، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ

(۱) احقاق الحق ج ۴ ص ۱۵۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم :

عَلِيٌّ طَاعَتَهٗ طَاعَتِيْ، وَ مَعْصِيَتَهٗ مَعْصِيَتِيْ ۔

حذیفہ ابن یمان راوی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ کی اطاعت میری اطاعت ہے اور علیؑ کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔(۱)

الحديث السادس والعشرون (۲۶)

عَنْ اِسْحَاقِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عِجْعَرَةٍ، عَنْ أَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : لَا تَسُبُّوْا عَلِيًّا فَإِنَّه مَمْسُوْسٌ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى ۔

اسحاق ابن کعب ابن عجرہ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ کو ناسزا نہ کہو کیونکہ علیؑ ''ممسوس فی ذات اللّٰہ''۔

ممسوس فی ذات اللّٰہ کا ایک مطلب یہ ہے کہ اللہ کی رضا اور قرب کے لئے وہ اذیت اور تکلیف کا سامنا کرتے ہیں۔ یا

پھر یہ معنی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت ان کے خون اور گوشت میں مخلوط ہو چکی ہے۔(۲)

(۱) فرائد السمطین ج ۱ ص ۱۷۹ غاية المرام ص ۲۰۲

(۲) حلیلة الاولیاء ج ص ۶۸ بحار ج ۳۹ ص ۳۱۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث السابع والعشرون (۲۷)

عَنْ سَلْمَةِ بْنِ الْاَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أَبَابَكْرٍ بِرَايَتِهِ اِلٰى حُصُوْنِ خَيْبَرٍ ، فَقَاتَلَ فَرَجَعَ وَ لَمْ يَكُنْ فَتَحَ وَ قَدْ جَهَدَ ، ثُمَّ بَعَثَ عُمَرَ الْغَدَ ، فَقَاتَلَ فَرَجَعَ وَ لَمْ يَكُنْ فَتَحَ وَ قَدْ جَهَدَ .

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهُ وَ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهُ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ ، كَرَّارًا لَيْسَ بِفَرَّارٍ .

قَالَ سَلْمَةُ : فَدَعَا بِعَلِيٍّ علیہ السلام وَ هُوَ أَرْمَدُ ، فَتَفَلَ فِيْ عَيْنِهِ ، فَقَالَ : هٰذِهِ الرَّايَةُ إِمْضِ بِهَا حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْكَ .

قَالَ سَلْمَةُ : فَخَرَجَ بِهَا وَاللّٰهِ يُهَرْوِلُ هَرْوَلَةً وَ أَنَا خَلْفَهُ أَتَّبِعُ أَثْرَهُ حَتّٰى رَكَزَ رَأْيَتَهُ فِيْ رَضْخٍ مِّنَ الْحِجَارَةِ تَحْتَ الْحِصْنِ .

وَ إِطَّلَعَ عَلَيْهِ يَهُوْدِيٌّ مِنْ رَأْسِ الْحِصْنِ فَقَالَ : مَنْ أَنْتَ؟

قَالَ : عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ .

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قَالَ الْيَهُوْدِیُ : غُلِبْتُمْ وَ مَا اُنْزِلَ مُوْسٰی علیہ السلام، أَوْ كَمَا .

قَالَ : فَمَا رَجَعَ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ .

سلمٰی ابن اکوع کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکر کو جھنڈا دے کر خیبر کے قلعوں کی طرف بھیجا۔ پس اس نے جنگ کی اور پلٹ آیا کوشش کے باوجود فتح حاصل نہ کر سکا۔ دوسرے دن عمر کو بھیجا اس نے بھی جنگ کی اور واپس آ گیا باوجود کوشش کے فتح حاصل نہ کر سکا تو نبی مکرم اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کل یہ جھنڈا اس کو دوں گا جو اللہ اور رسول سے محبت رکھتا ہوگا، اللہ اور رسول اس سے محبت رکھتے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح دے گا، وہ مڑ مڑ کر حملہ کرنے والا ہوگا، فرار کرنے والا نہ ہوگا۔

سلمہ کہتا ہے پیغمبر نے علیؑ کو بلایا، علیؑ کی آنکھوں میں تکلیف تھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آنکھوں پر لعاب دہن لگایا۔ پھر فرمایا: یہ جھنڈا لے جاؤ تاکہ اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھوں پر فتح دے۔

سلمہ کہتے ہیں: علیؑ پرچم لے کر نکلے، علیؑ تیزی کے ساتھ چل رہے تھے، میں علیؑ کے پیچھے پیچھے تھا حتیٰ کہ حضرت نے علم کو قلعہ کے نیچے پتھروں میں گاڑ دیا۔

قلعہ کے اوپر سے یہودی نے سر نکال کر کہا: تو کون ہے؟

حضرت نے فرمایا: میں علی ابن ابی طالبؑ ہوں۔

تو یہودی نے کہا: جو کچھ موسیٰ علیہ السلام اور تم پر نازل ہوا، اُس کی قسم تم غالب آ گئے۔

سلمہ کہتے ہیں: علیؑ اس وقت تک نہ پلٹے جب تک خدا نے ان کے ہاتھ پر فتح نہ دے دی۔ (۱)

(۱) احقاق الحق ج ۵ ص ۳۴۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث الثامن و العشرون (۲۸)

أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ : بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِلٰی أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيْ، فَقَالَ لَهُ وَ أَنَا أَسْمَعُ : يَا أَبَا بَرْزَةَ إِنَّ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ عَهِدَ إِلَيَّ فِيْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ بِهٰذَا فَقَالَ :

عَلِيٌّ رَايَةُ الْهُدٰى، وَ مَنَارُ الْإِيْمَانِ، وَ إِمَامُ أَوْلِيَائِيْ، وَ نُوْرُ جَمِيْعِ مَنْ أَطَاعَنِيْ .

يَا أَبَابَرْزَةَ! عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ مَعِيْ غَدًا فِي الْقِيَامَةِ عَلٰى حَوْضِيْ، وَ صَاحِبُ لِوَائِيْ وَ يُعِيْنُنِيْ غَدًا فِي الْقِيَامَةِ عَلٰى مَفَاتِيْحِ خَزَائِنِ جَنَّةِ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ .

انس بن مالک کا بیان ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ابو برزہ اسلمی کے پاس بھیجا، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے فرمایا؛ جبکہ میں سن رہا تھا: اے ابو برزہؓ خدا نے علیؑ کے بارے میں مجھے یہ وصیت کی ہے کہ علیؑ ہدایت کا پرچم ایمان کا مینار، اللہ کے اولیاء کا امام اور خدا کی اطاعت کرنے والے تمام لوگوں کا نور ہے

اے ابو برزہ! کل قیامت کو علیؑ میرے حوض پر میرے ساتھ ہوگا، میرا جھنڈا اٹھانے والا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوگا اور کل قیامت کے دن میرے رب کی جنت کے خزانوں کی چابیاں اٹھانے میں میرا معاون ہوگا۔(۱)

الحدیث التاسع والعشرون (۲۹)

عَبْدُاللهِ بْنِ أَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم :

لَيْلَةَ أُسْرِىَ بِیْ إِلَى السَّمَآءِ نَاجَيْتُ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ، فَأَوْحٰى إِلَيَّ، أَوْ أَمَرَنِيْ ـ شَكَّ جَعْفَرُ ـ فِيْ عَلِيٍّ علیہ السلام : أَنَّهُ سَيِّدُ الْمُسْلِمِيْنَ وَ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ وَ قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ.

عبداللہ ابن اسعد ابن زرارہ نے اپنے باپ سے نقل کیا ہے کہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس رات خدا نے مجھے معراج کرائی، میں نے خدا سے بات کی، خدا نے مجھے علیؑ کے بارے میں فرمایا: تحقیق علیؑ تمام مسلمانوں کا سید و سردار ہے، متقین کا ولی ہے، سفید چہرے والوں کا قائد ہے۔(۲)

(۱)حلیلة الاولیاء ج ۱ ص ۶۶ .تاریخ بغداد ج ۱۴ ص ۹۸

(۲)مناقب ابن مغازلی ص ۱۰۵ .ریاض النضرہ ج ۲ ص ۱۷۷)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحديث الثلاثون (۳۰)

عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ وَ الْأَسْوَدُ بْنِ يَزِيْدَ قَالَا : أَتَيْنَا أَبَا أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْنَا :

يَا أَبَا أَيُّوْبُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ أَكْرَمَكَ بِنَبِيِّهِ إِذْ أَوْحَى إِلَى رَاحِلَتِهِ فَنَزَلَتْ عَلَى بَابِكَ، وَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضَيْفًا لَكَ، فَضِيْلَةٌ مِنَ اللّٰهِ فَضَّلَكَ بِهَا فَأَخْبِرْنَا عَنْ مَوَدَّتِكَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ؟

قَالَ أَبُوْ أَيُّوْب : فَأَنِّيْ أُقْسِمُ لَكُمَا بِالَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، لَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَعِيْ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ الَّذِيْ أَنْتُمَا فِيْهِ وَ مَا فِي الْبَيْتِ غَيْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ، وَ عَلِيٌّ جَالِسٌ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَ أَنَا جَالِسٌ عَنْ يَسَارِهِ، وَ أَنَسُ بْنِ مَالِكٍ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْهِ إِذْ تَحَرَّكَ الْبَابُ .

فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : يَا أَنَسُ أُنْظُرْ مَنْ فِي الْبَابِ .

فَخَرَجَ أَنَسُ فَنَظَرَ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم هٰذَا عَمَّارٌ .

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قَالَ اِفْتَحِ الْبَابَ لِعَمَّارِ الطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ .

فَفَتَحَ أَنَسُ الْبَابَ فَدَخَلَ عَمَّارُ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فَرَحَّبَ بِهِ، ثُمَّ قَالَ :

يَا عَمَّارُ! إِنَّهُ سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِیْ فِیْ أُمَّتِیْ هَنَّاتٌ حَتّٰى يَخْتَلِفُ السَّيْفُ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَ حَتّٰى يَقْتُلُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَ حَتّٰى يَبْرَءُ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ . فَإِذَا رَأَيْتَ ذٰلِكَ فَعَلَيْكَ بِهٰذَا الْأَصْلَعِ عَنْ يَمِيْنِيْ، يَعْنِيْ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ علیہ السلام فَإِنْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا [وَ سَلَكَ عَلِيٌّ، وَادِيًا] فَاسْلُكْ وَادِیْ عَلِيٍّ وَ خَلِّ عَنِ النَّاسِ .

يَا عَمَّارُ! إِنَّ عَلِيًّا لَا يَرُدُّكَ عَنْ هُدٰى، وَ لَا يَدُلُّكَ عَلٰى رَدٰى .

يَا عَمَّارُ! طَاعَةُ عَلِيٍّ طَاعَتِيْ، وَ طَاعَتِيْ طَاعَةُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ .

علقمہ ابن قیس اور اسود ابن یزید کہتے ہیں کہ ہم ابوایوب انصاری کے پاس آئے اور کہا کہ اے ابوایوبؓ خدا نے تجھے یہ عزت عطا فرمائی ہے کہ خدا نے اپنے پیغمبر کی سواری کو حکم دیا کہ وہ تیرے دروازے پر بیٹھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے مہمان تھے۔ یہ اللہ کی طرف سے فضیلت ہے جس سے خدا نے تجھے نوازا ہے پس آپ علیؑ کی مودّت جو آپ کے دل میں ہے اس کی ہمیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحديث الثلاثون (۳۰)

عَنْ عَلْقَمَةِ بْنِ قَيْسٍ وَ الْأَسْوَدُ بْنِ يَزِيْدَ قَالَا : أَتَيْنَا أَبَا أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِىْ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْنَا :

يَا أَبَا أَيُّوْبُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ أَكْرَمَكَ بِنَبِيِّهٖ إِذْ أَوْحٰى إِلٰى رَاحِلَتِهٖ فَنَزَلَتْ عَلٰى بَابِكَ، وَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضَيْفًا لَكَ، فَضِيْلَةٌ مِنَ اللّٰهِ فَضَّلَكَ بِهَا فَأَخْبِرْنَا عَنْ مَوَدَّتِكَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِىْ طَالِبٍ؟

قَالَ أَبُوْ أَيُّوْبُ : فَأَنِّىْ أُقْسِمُ لَكُمَا بِالَّذِىْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، لَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَعِىْ فِىْ هٰذَا الْبَيْتِ الَّذِىْ أَنْتُمَا فِيْهِ وَ مَا فِى الْبَيْتِ غَيْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ، وَ عَلِيٌّ جَالِسٌ عَنْ يَمِيْنِهٖ، وَ أَنَا جَالِسٌ عَنْ يَسَارِهٖ، وَ أَنَسُ بْنِ مَالِكٍ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْهِ إِذْ تَحَرَّكَ الْبَابُ.

فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : يَا أَنَسُ أُنْظُرْ مَنْ فِى الْبَابِ.

فَخَرَجَ أَنَسُ فَنَظَرَ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم هٰذَا عَمَّارٌ.

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قَالَ اِفْتَحِ الْبَابَ لِعَمَّارِ الطَّيِّبِ الْمُطَيِّبِ .

فَفَتَحَ أَنَسُ الْبَابَ فَدَخَلَ عَمَّارُ فَسَلَّمَ عَلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَرَحَّبَ بِهٖ، ثُمَّ قَالَ :

يَا عَمَّارُ! إِنَّهٗ سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِيْ فِيْ أُمَّتِيْ هَنَاتٌ حَتّٰى يَخْتَلِفُ السَّيْفُ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَ حَتّٰى يَقْتُلُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَ حَتّٰى يَبْرَءُ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ . فَإِذَا رَأَيْتَ ذٰلِكَ فَعَلَيْكَ بِهٰذَا الْأَصْلَعِ عَنْ يَمِيْنِيْ، يَعْنِيْ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ علیہ السلام فَإِنَّ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا [وَ سَلَكَ عَلِيٌّ، وَادِيًا] فَاسْلُكْ وَادِيَّ عَلِيٍّ وَ خَلِّ عَنِ النَّاسِ .

يَا عَمَّارُ! إِنَّ عَلِيًّا لَا يَرُدُّكَ عَنْ هُدٰى، وَ لَا يَدُلُّكَ عَلٰى رَدٰى .

يَا عَمَّارُ! طَاعَةُ عَلِيٍّ طَاعَتِيْ، وَ طَاعَتِيْ طَاعَةُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ .

علقمہ ابن قیس اور اسود ابن یزید کہتے ہیں کہ ہم ابوایوب انصاری کے پاس آئے اور کہا کہ اے ابوایوبؓ خدا نے تجھے یہ عزت عطا فرمائی ہے کہ خدا نے اپنے پیغمبر کی سواری کو حکم دیا کہ وہ تیرے دروازے پر بیٹھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے مہمان تھے۔ یہ اللہ کی طرف سے فضیلت ہے جس سے خدا نے تجھے نوازا ہے پس آپ علیؑ کی مودّت جو آپ کے دل میں ہے اس کی ہمیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خبر دیں۔

ابوایوبؓ نے کہا: میں تمہارے سامنے اس کی قسم کھاتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ساتھ اس کمرہ میں تھے جہاں اب تم ہو حجرہ میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے علیؑ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں بیٹھے تھے اور میں بائیں بیٹھا تھا اور انس بن مالکؓ سامنے کھڑا تھا کہ اچانک دروازے میں حرکت ہوئی، حضرت نے فرمایا: انسؓ دیکھ دروازے پر کون ہے؟

انس باہر نکلے دیکھ کر عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ عمارؓ ہے۔

فرمایا: پاک و پاکیزہ عمارؓ کے لئے دروازہ کھولو۔

اس نے دروازہ کھولا، عمارؓ داخل ہوئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام کیا، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو خوش آمدید کہا، پھر فرمایا: اے عمارؓ میرے بعد عنقریب میری امت میں شدائد اور بڑے عظیم امور ہوں گے، حتیٰ کہ تلواریں چلیں گی، یہاں تک کہ ایک دوسرے کو قتل کریں گے اور ایک دوسرے سے بیزار ہو جائیں گے جب تم ان حالات کو دیکھو تو میرے دائیں طرف بیٹھے ہوئے کا دامن پکڑے رہنا یعنی علی ابن ابی طالبؑ۔

اگر سارے لوگ ایک وادی میں چلیں اور علیؑ دوسری وادی میں چلیں تو تم اسی وادی میں چلنا جس میں علیؑ ہوں اور باقی تمام لوگوں کو چھوڑ دینا۔

اے عمار! علیؑ تمہیں ہدایت سے نہیں ہٹائے گا اور ہلاکت کی راہ نہیں دکھائے گا۔

اے عمار! علیؑ کی اطاعت میری اطاعت ہے اور میری اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔(۱)

(۱) مناقب مرتضویہ ص ۲۰۲ ینا بیع المودة ۲۵۰

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث الحادی والثلاثون (۳۱)

عَنْ ثَوْبَانٍ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : شَهِدتُّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ

وَ قَدْ أَقْبَلَ إِلَى النَّبِيِّ قَالَ جِبْرَئِيْلُ علیہ السلام :

يَا مُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم هٰذَا عَلِيٌّ قَدْ جَا

الْهُدٰى، وَ قَائِدَ الْبَرَرَةِ وَ قَاتِلُ الْفَجَرَةِ

وَالتَّوْحِيْدِ، النَّافِي عَنِ اللّٰهِ الْجَوْرَ

يَا مُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! إِنَّ مَلَآئِكَةَ عَلِيٍّ يَفْتَخِرُوْنَ عَلٰى سَائِرِ الْمَلَائِكَةِ، لِأَنَّهُمْ مَا كَتَبُوْا عَلٰى عَلِيٍّ كِذْبًا، وَ أَقْبَلَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلٰى عَلِيٍّ [فَأَخْبَرَهُ] بِمَقَالَةِ جِبْرَئِيْلَ.

فَقَالَ عَلِيٌّ : إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يُعَذِّبَنِي فَأَنَا عَبْدُهُ، وَ إِنْ شَاءَ أَنْ يَرْحَمَنِي فَبِتَفَضُّلٍ مِنْهُ عَلَيَّ.

فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : قَالَ لِي جِبْرَئِيْلُ علیہ السلام : لَقَدْ آلٰى رَبُّنَا الرَّحْمٰنُ عَلٰى نَفْسِهِ أَنْ لَا يُعَذِّبَ عَلِيًّا بِالنَّارِ، وَ لَا شِيْعَتَهُ، وَ لَا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

أَحِبَّاءَهُ أَبَدًا .

قَالَ أَبُوْ رَبِيْعَةَ : مَعْنَى آلَى رَبُّنَا : حَلَفَ، وَ أَوْجَبَ .

ثوبان کہتے ہیں میں نے علیؑ کو دیکھا کہ پیغمبر کی طرف آرہے تھے جبرائیلؑ، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں طرف کھڑے تھے۔ جبرائیل نے کہا: یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ جو علیؑ آرام سے چلتے ہوئے آرہے ہیں یہ:

ہدایت کے امام،
نیک لوگوں کے قائد،
فاجروں کے قتل کرنے والے،
اللہ کی توحید و عدل کے ساتھ کلام کرنے والے
اور خدا سے ظلم و جور کی نفی کرنے والے ہیں۔

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! علیؑ! کے اعمال لکھنے والے فرشتے باقی فرشتوں پر فخر کرتے ہیں کیونکہ کبھی انہوں نے علیؑ کا جھوٹ نہیں لکھا۔

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیؑ طرف بڑھے اور جبرائیلؑ کی گفتگو کی علیؑ کو خبر دی۔

علیؑ نے فرمایا: اگر خدا مجھے عذاب دینا چاہے تو میں اس کا بندہ ہوں اور اگر رحم کرنا چاہے تو یہ اس کی طرف سے مجھ پر فضل ہوگا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبرائیلؑ نے مجھے کہا ہے: ہمارے رب رحمٰن نے قسم کھائی ہے اور اپنے اوپر واجب قرار دیا ہے کہ وہ علیؑ، اس کے شیعوں کو اور محبوں کو آگ میں نہیں ڈالے گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث الثانی والثلاثون (۳۲)

عَنْ بِهزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ مُعَاوِيَةَ بْنِ حِيَةَ

قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لِعَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ علیہ السلام:

يَا عَلِيُّ! مَا كُنْتُ أُبَالِيْ مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِيْ وَ هُوَ يُبْغِضُكَ،

مَاتَ يَهُوْدِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا.

قَالَ: مُحَمَّدُ الْحَارِثُ، قَالَ يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ: قُلْتُ لِبَهْزِ بْنِ

حَكِيْمٍ: بِاللّٰهِ أَبُوْكَ حَدَّثَكَ عَنْ جَدِّكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِهٰذَا

الْحَدِيْثِ؟

قَالَ: نَعَمْ، وَ إِلَّا فَسَمَّرَ اللّٰهُ أُذُنَيْهِ بِمِسْمَارٍ مِنْ نَارٍ.

معاویہ ابن جیدہ کہتے ہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا: علیؑ! مجھے کوئی پرواہ نہیں اس شخص کی جو میری امت میں سے تم سے دشمنی رکھے، وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے۔

محمد ابن حارث کہتا ہے: یزید ابن ذریع نے کہا کہ میں نے بہزاد بن حکیم سے پوچھا: تجھے خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تیرے باپ نے تیرے دادا کی طرف سے یہ حدیث پیغمبر

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کی ہے؟

اس نے کہا: اگر یہ حدیث پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہ ہو تو خدا میرے دادا کے کانوں میں آگ کی سیخ گزارے۔(۱)

الحدیث الثالث والثلاثون (۳۳)

عَنْ أَبِیْ لَیْلٰی الْغِفَارِیْ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یَقُوْلُ: سَتَکُوْنُ مِنْ بَعْدِیْ فِتْنَۃٌ، فَإِذَا کَانَ ذٰلِكَ فَالْزَمُوْا عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ، فَإِنَّہٗ أَوَّلُ مَنْ یَرَانِیْ، وَ أَوَّلُ مَنْ یُصَافِحُنِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ، وَ ھُوَ الصِّدِّیْقُ الْأَکْبَرُ، وَ ھُوَ فَارُوْقُ ھٰذِہِ الْأُمَّۃِ، یُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَ الْبَاطِلِ، وَ ھُوَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ، وَ الْمَالُ یَعْسُوْبُ الْمُنَافِقِیْنَ.

ابولیلیٰ غفاری نقل کرتے ہیں میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے:

عنقریب میری اُمت میں ایک فتنہ کھڑا ہوگا جب ایسی حالت ہو تو علیؑ کا دامن نہ چھوڑنا کیونکہ

(۱) میزان الاعتدال ص۲۳۶ لسان المیزان ج۲ص۹۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قیامت میں سب سے پہلے مجھے دیکھنے والا اور مجھ سے مصافحہ کرنے والا علیؑ ہوگا۔
علیؑ صدیق اکبر ہے،
اس امت کا فاروق ہے، جو حق و باطل کے درمیان جدائی ڈالتا ہے،
علیؑ مومنوں کا سردار اور بادشاہ ہے، مال و دولت منافقوں کا بادشاہ ہے۔(۱)

الحديث الرابع والثلاثون (۳۴)

عَنْ أَبِي الْحَمرَآءِ، قَالَ : قَالَ : رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم :
لَمَّا اُسْرِیَ بِیْ اِلَی السَّمَآءِ نَظَرْتُ اِلٰی سَاقِ الْعَرْشِ، فَاِذَا عَلَیْهِ مَکْتُوْبٌ :
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، اَیَّدْتُهٗ بِعَلِیٍّ، وَ نَصَرْتُهٗ بِهٖ.

ابوالحمراء کہتے ہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے آسمانوں کی سیر کرائی گئی تو میں نے عرش کے ستون پر لکھا ہوا دیکھا: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، محمد اللہ کے رسول ہیں، میں نے علیؑ کے ذریعے پیغمبر کی تائید کی ہے اور علیؑ کے ذریعے پیغمبر کی مدد کی ہے۔(۲)

(۱)مناقب شہر آشوب ج ۳ ص ۹۱ ارج المطالب ص ۲۳
(۲)مناقب ابن مغازلی ص ۳۹ احقاق الحق ج۶ ص ۱۳۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث الخامس والثلاثون (۳۵)

عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لِعَلِيٍّ علیہ السلام:

يَا عَلِيُّ! قُلْ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِيْ عَهْدًا وَ فِيْ صُدُوْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مَوَدَّةً، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا﴾ (۱)

براء ابن عازب کا بیان ہے: پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا:

اے علیؑ! کہئے: اے اللہ! میرے لئے عہد قرار دے،

اور مومنوں کے دلوں میں میری محبت قرار دے۔

راوی کہتا ہے: خدا نے اسی وقت یہ آیت مجیدہ نازل فرمائی "اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا" (سورۂ مریم......۹۶) یعنی وہ لوگ جو ایمان لائے اور عمل صالح انجام دیا عنقریب خدا ان کی مودت دلوں میں قرار دے گا۔ (۲)

(۱) سورۂ مریم......۹۶

(۲) عمدۃ البیان ۱۵۱، تفسیر فرات کوفی ص ۸۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث الثامن والثلاثون (۳۸)

عَنْ عَبْدِالرَّحْمَانِ بْنِ سَهْلِ بْنِ أَبِيْ خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ :

قَالَ : رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم :

إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ضُرِبَتْ لِيْ قُبَّةٌ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ مِنْ دُرَّةٍ بِيْضَآءَ

وَ ضُرِبَتْ عَنْ يَسَارِ الْعَرْشِ قُبَّةٌ مِنْ يَاقُوْتَةٍ حَمْرَآءِ لِاِبْرَاهِيْمِ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ

وَ ضُرِبَتْ بَيْنَهُمَا قُبَّةٌ مِنْ دَرَّةٍ خَضْرَآءِ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ .

فَمَا ظَنُّكَ بِحَبِيْبٍ بَيْنَ حَبِيْبَيْنِ؟

سہل ابن ابی خیثمہ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جب قیامت کا دن ہوگا تو عرش کے دائیں طرف میرے لئے موتیوں سے بنا ہوا قبہ لگایا جائے گا،

عرش کی بائیں جانب سرخ یاقوت سے بنا ہوا قبہ حضرت ابراہیم کے لئے لگایا جائے گا،

ان دونوں کے درمیان سبز موتیوں والا قبہ علیؑ کے لئے لگایا جائے گا،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پس تیرا اس حبیب کے بارے میں کیا خیال جو دو حبیبوں کے درمیان ہو۔(۱)

الحدیث التاسع والثلاثون (۳۹)

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ : اٰخیٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بَيْنَ أَصْحَابِهٖ قَالَ :

فَجَآءَ عَلِيٌّ تَدْمَعُ عَيْنَاهُ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٰخَيْتَ بَيْنَ أَصْحَابِكَ ۔أو قَالَ أَصْحَابِيْ۔ وَلَمْ تُؤَاخِ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ أَحَدٍ .

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : أَنْتَ أَخِيْ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ .

عبداللہ ابن عمر کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ میں بھائی چارہ قائم فرمایا؛ علی روتے ہوئے آئے اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے اپنے صحابیوں کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا یا یوں عرض کی کہ آپ نے میرے ساتھیوں کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا لیکن آپ نے مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا؟

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو۔(۲)

(۱) امالی طوسی ج ۲ ص ۱۰۶ ریاض النضرہ ج ۲ ص ۲۱۱

(۲) ترمذی ج ۵ ص ۶۳۶ طرائف ج ۱ ص ۶۴

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحدیث الاربعون (۴۰)

عَنْ أَبِیْ ثَابِتٍ مَوْلٰی أَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ : سَمِعْتُ أُمَّ سَلْمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُوْلُ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یَقُوْلُ : عَلِیٌّ علیہ السلام مَعَ الْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ مَعَهٗ، لَنْ یَفْتَرِقَا حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ .

ابو ثابت ابوذر کا غلام کہتا ہے میں نے امّ سلمہ سے سنا جو فرماتی ہیں: پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بارہا میں نے سنا کہ فرماتے تھے:

"علیؑ قرآن کے ساتھ ہے اور قرآن علیؑ کے ساتھ۔ یہ دونوں حوض کوثر پر وارد ہونے تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہونگے"۔(۱)

(۱)مناقب خوارزمی ص ۱۱۰ کشف الغمه ج ۱ ص ۱۴۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناقب حضرت علی علیہ السلام کی

دلچسپ حکایات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہلی حکایت

عبدالواحد ابن زید کہتے ہیں کہ میں حج کے لیے گیا تھا میں طواف میں تھا کہ دولڑکیوں کو دیکھا جو رکن یمانی کے پاس کھڑی ہیں ایک اپنی بہن سے کہہ رہی تھی:

اس کے حق کی قسم جو پیغمبر کی وصیت کے لئے منتخب ہے،

برابر فیصلہ کرنے والا ہے اور فیصلے میں عدالت کرنے والا ہے،

جس کی بنیاد عالی ہے،

جس کی نیت صحیح ہے،

فاطمہ مرضیہ سلام اللہ علیہا کا شوہر ہے بات اس طرح نہیں تھی۔

عبدالواحد کہتا ہے: میں سن رہا تھا، میں نے پوچھا: اے دوشیزہ یہ صفات کس کی ہیں؟

کہنے لگی: قسم خدا کی! وہ تمام نشانیوں کا نشان ہے، باب الاحکام ہے، قسیم الجنۃ والنار ہے، کفار و فجار کا قاتل ہے، امت میں ربانی ہے، ائمہ کا رئیس ہے، وہ امیر المومنین، امام المسلمین غالب شیر ہے، ابوالحسن علی ابن ابی طالب ہے۔

میں نے پوچھا: تو علی علیہ السلام کو کیونکر پہچانتی ہے؟

اس نے کہا: میں اس کو کیسے نہ پہچانوں جبکہ میرا باپ اس کے سامنے جنگ صفین میں قتل ہوا۔

ایک دن حضرت علی علیہ السلام میری ماں کے پاس آئے اور کہا: اے یتیموں کی ماں تمہارا کیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حال ہے؟

میری ماں نے کہا: میں خیریت سے ہوں یا امیر المومنین۔

پھر میری ماں مجھے اور میری بہن کو مولا علی علیہ السلام کے سامنے لائی مجھے چیچک کی بیماری تھی جس کی وجہ سے خدا کی قسم میری بصارت چلی گئی تھی۔ جب حضرتؑ نے میری طرف دیکھا تو ایک آہ بھری پھر یہ اشعار کہے:

ما إن تأوّهت من شيء رزيت به
كما تأوّهت للأطفال في الصغر
قد مات والدهم من كان يكفلهم
في النائبات و في الأسفار و الحضر

ترجمہ:

میں نے کبھی کسی مصیبت پر کبھی اس طرح آہ نہیں بھری جس طرح ان چھوٹے بچوں کے لئے آہ بھری ہے جن کی کفالت کرنے والا باپ فوت ہو گیا جو ان کی ہر مصیبت میں، سفر و حضر میں کفالت کرتا تھا۔

پھر حضرتؑ نے میرے چہرے پر ہاتھ پھیرا اُسی وقت فوراً میری بصارت لوٹ آئی۔

اے میرے بھائی کے بیٹے! اب میں اندھیری رات میں بھاگنے والے اونٹ کو دیکھ سکتی ہوں۔ یہ سب کچھ امیر المومنین علیہ السلام کی برکت سے ہوا۔

(نہ صرف یہ کہ میری بصارت واپس لوٹائی بلکہ) پھر حضرت نے بیت المال سے کچھ مال دیا اور ہمارے دلوں کو خوش کیا اور واپس چلے گئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبدالواحد کہتا ہے کہ میں نے جب یہ سنا تو میں نے اپنے اخراجات میں سے ایک دینا را ٹھا کر اس کو دیا اور کہا کہ اے بچی یہ لے لو مشکل وقت میں اس سے مدد لینا۔

اس بچی نے کہا کہ اے مرد خدا! ہم سے دور ہو جا ہم پر بہترین ما سلف نے بہترین شخص کو اپنا جانشین مقرر کیا ہے۔ خدا کی قسم! ہم آج ابو محمد حسن ابن علیؑ کے عیال میں ہیں۔

پس وہ لڑکی واپس پلٹی اور یہ شعر پڑھنے لگی:

مانیط حبّ علیّ فی خناق فتی
الّا له شهدت بالنعمة النعم
و لا له قدم زلّ الزمان به
إلّا له أثبت من بعدها قدم
ما سرّني أن أكن من غير شيعته
لوَ أنّ لي ما حوته العرب والعجم

ترجمہ:

کسی جوان مرد کے گلے میں علی علیہ السلام کی محبت کا پھندا نہیں ڈالا گیا مگر یہ کہ تمام نعمتیں اس کی گواہی دیتی ہیں اور اس کا زمانے نے ایک قدم نہیں پھسلایا مگر یہ کہ اس کا دوسرا قدم ثابت رہا اگر عرب و عجم کی تمام نعمتیں اور دولت میرے پاس ہوں لیکن اگر میں علی کی شیعہ نہ ہوں تو یہ ساری دولت مجھے خوش نہیں کر سکتی۔(۱)

(۱)بشارة المصطفى ص۸٦ ثاقب المناقب ص ۱۷۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسری حکایت

اعمش کہتے ہیں کہ بیت اللہ الحرام کے حج پر گیا ہوا تھا میں ایک منزل پر اترا تو میں نے اچانک ایک عورت کو دیکھا جو نابینا تھی اور کہہ رہی تھی: اے وہ ذات! جس نے علیؑ پر سورج کو غائب ہونے کے بعد سفید اور صاف حالت میں پلٹایا؛ میری بصارت کو پلٹا دے۔

اعمش کہتے ہیں: اس عورت کی بات مجھ کو اچھی لگی، میں نے دو دینار نکالے اور اس عورت کو دیئے اس نے ان کو ہاتھ سے چھوا اور پھر میری طرف پھینک دیئے اور کہنے لگی: اے مرد خدا! تو نے مجھے غریب اور فقیر سمجھ کر حقیر سمجھا افسوس ہے تم پر۔ جو آل محمد علیہم السلام کی ولایت رکھتا ہو وہ حقیر نہیں ہوتا۔

اعمش کہتے ہیں: میں حج پر چلا گیا، حج ادا کیا، جب میں اپنے گھر کی طرف واپس آ رہا تھا تو مجھے سب سے زیادہ فکر اس عورت کی تھی جب میں اس جگہ پہنچا تو دیکھا کہ اس عورت کی دونوں آنکھیں صحیح ہیں اور دیکھ رہی ہے تو میں نے اس سے پوچھا: علیؑ کی محبت نے تیرے ساتھ کیا سلوک کیا؟

کہنے لگی: اے مرد خدا! میں چھ راتوں تک خدا کو قسم دیتی رہی (دعا مانگتی رہی) جب ساتویں رات ہوئی جو جمعہ کی رات تھی خواب میں ایک شخص میرے پاس آیا اور کہا: اے خاتون! تو علیؑ سے محبت رکھتی ہے؟

میں نے کہا: ہاں!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس نے مجھ سے کہا: اپنا ہاتھ اپنی آنکھوں پر رکھو اور (جب میں نے اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا تو اس نے یوں دعا کی اور) کہا: اے اللہ! اگر یہ عورت سچے دل سے علیؑ سے محبت رکھتی ہے تو اس کی آنکھیں پلٹا دے۔

پھر اس نے مجھ سے کہا: اپنا ہاتھ آنکھوں سے ہٹا لے۔

میں نے اپنا ہاتھ ہٹایا تو میں خواب کی حالت میں اس مرد کے سامنے کھڑی تھی میں نے پوچھا تو کون ہے کہ خدا نے تیرے ذریعے سے مجھ پر احسانِ عظیم فرمایا ہے۔

اس نے جواب میں کہا: میں خضرؑ ہوں اور مجھ سے کہا کہ علیؑ سے محبت رکھ کیونکہ علیؑ کی محبت تجھے دنیا میں آفات سے بچائے گی اور آخرت میں آگ سے۔(۱)

jabir.abbas@yahoo.com

تیسری حکایت

حبیب ابن ابی ثابت کا بیان ہے جب معاویہ کی بیعت ہوئی تو اس نے خطبہ دیا اور علیؑ اور امام حسنؑ کے بارے میں بھی ناسزا کہا: امام حسینؑ اُٹھے تا کہ معاویہ کو روکیں۔ امام حسنؑ نے ہاتھ پکڑ کر ان کو بٹھا دیا، پھر امام حسنؑ خود اُٹھے اور کہا:

اے علیؑ کا تذکرہ کرنے والے میں حسنؑ ہوں اور میرا باپ علیؑ ہے

تو معاویہ ہے اور تیرا باپ صخر ہے،

میری ماں فاطمہؑ ہے اور تیری ماں ہند ہے،

میرا نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تیرا نانا حرب ہے،

(۱) مدینة المعاجز ۱۰۵، تفسیر فرات ص ۹۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میری نانی خدیجہؑ اور تیری نانی قتیلہ ہے،

پس خدا لعنت کرے اس پر جس کا ذکر پوشیدہ ہو،

جس کا حسب ونسب لائق ملامت ہو،

جو قدیم الایام سے برا شخص ہو،

جو کفر ونفاق کے لحاظ سے قدیمی ہو یعنی سابقہ حالت کفر پر ہو اور منافقت پر ہو۔

مسجد میں بیٹھنے والوں کے کچھ گروہ نے حضرت امام حسن علیہ السلام کی اس بددعا پر آمین کہی۔

ابن معین نے کہا: میں کہتا ہوں آمین

ابن عبدالصمد نے کہا: میں کہتا ہوں آمین

قاضی نے ہمیں کہا: میں کہتا ہوں آمین تم بھی کہو آمین

محمد ابن عبداللہ الحافظ نے کہا: میں کہتا ہوں آمین

سید اور حیری نے کہا: ہم کہتے ہیں آمین آمین

شیخ المفید عبدالرحمان نے کہا: میں کہتا ہوں آمین آمین

فرشتے کہتے ہیں: آمین

سید الصفی کہتا ہے: میں کہتا ہوں آمین اللّٰھم آمین

ابن بابویہ کہتے ہیں: میں کہتا ہوں آمین ثم آمین ثم آمین ثم آمین و انا اقول آمین ثم آمین (ان سب راویوں نے آمین کہی)(۱)

(۱)مقاتل الطالبین ص۴۶۔ ارشاد القلوب ۲۱۱

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چوتھی حکایت

علی ابن محمد کہتے ہیں کہ میں نے ابوالاسود دؤلی کی بیٹی کو دیکھا جس کے آگے سفید کھجور اور گھی کا حلوار کھا تھا۔ بچی نے کہا: بابا مجھے کھلا یئے،

اس (ابواسود دؤلی) نے کہا: منہ کھولو اور اس کے منہ میں ایک بادام کے برابر حلوار کھا،

پھر بیٹی نے کہا: بابا آپ کو کھجور کھانی چاہیے کیونکہ وہ زیادہ فائدہ مند اور سیر کرنے والی ہے۔

ابواسود دؤلی نے کہا: یہ طعام معاویہ نے علیؑ کی محبت سے ہٹانے اور دھوکہ دینے کے لئے بھیجا ہے۔

وہ بچی کہنے لگی: خدا اس کا برا کرے کیا وہ زعفران میں ملی ہوئی شہد کے ذریعہ سید مطہر کے بارے میں دھوکہ دینا چاہتا ہے بربادی ہو اس کے بھیجنے والے اور کھانے والے کے لئے پھر اس لڑکی نے اپنے حلق میں انگلی ماری اور جو کھایا تھا اسے قے کر کے نکال دیا اور روتے ہوئے یہ اشعار کہے:

أبا لشهد المزعفر يا ابن هند
نبيع إليك إسلاماً و ديناً
فلا والله ليس بكون هذا
و مولانا أمير المومنيناً

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ:

اے ہند کے بیٹے کیا زعفران والی شہد کے ذریعے ہم
تیرے پاس اپنا اسلام دین بیچ دیں گے خدا کی قسم ایسا
نہیں ہوگا ہمارا مولا امیر المومنین ہے۔(۱)

پانچویں حکایت

روحی ابن حماد الخارقی کہتے ہیں کہ میں نے سفیان بن عیینہ سے پوچھا: مجھے بتائیے آیت "سأل سائل"(۲) کس کے بارے میں نازل ہوئی؟

سفیان نے کہا: تو نے مجھ سے ایسی بات پوچھی ہے جو تجھ سے پہلے کسی نے نہیں پوچھی میں نے اس آیت کے بارے میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا تو امام نے مجھ سے فرمایا کہ تو نے ایسی بات پوچھی ہے جو پہلے کسی نے نہیں پوچھی اور فرمایا میرے باپ نے اپنے آباء طاہرین سے نقل کرتے ہوئے بتایا جب پیغمبرؐ حجۃ الوداع کے بعد غدیر خم پر اترے، لوگوں کو ندا دی، لوگ جمع ہوئے، پھر فرمایا: لوگو! کیا میں نے رسالت تم تک نہیں پہنچائی؟

سب نے کہا: یقیناً پہنچائی ہے۔

پھر فرمایا: کیا میں نے تمہیں نصیحت نہیں کی؟

سب نے کہا: ہاں! یقیناً کی ہے

(۱) سفینة البحار ج۱ ص۶۶۹

(۲) سورہ معارج......۱

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر حضرتؐ نے علیؑ کے بازو کو پکڑا اور اتنا بلند کیا کہ دونوں کے بازؤں کی سفیدی نظر آنے لگی

پھر فرمایا: لوگو!

جس کا میں مولا ہوں اس کا یہ علیؑ مولا ہے۔

خدایا! اس سے محبت کر جو علیؑ سے محبت کرے

اور اس سے دشمنی رکھ جو علیؑ سے دشمنی رکھے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: یہ خبر پھیل گئی جب یہ خبر حارث بن نعمان فہری تک پہنچی تو وہ اپنی ناقہ پہ سوار ہو کر وادی میں پہنچا، اپنی ناقہ کو بٹھایا، اُتر کر اس کو باندھ دیا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچا، حضرت اپنے اصحاب کے درمیان تھے

وہ (حارث بن نعمان فہری) کہنے لگا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں آپ نے ہمیں لا الہ الا اللہ کی گواہی کا حکم دیا ہے ہم نے گواہی دی، پھر ہمیں حکم دیا کہ گواہی دیں میں اللہ کا رسول ہوں ہم نے گواہی دی، پھر پانچ نمازوں کا حکم دیا ہم نے پڑھیں، پھر ماہ رمضان کے روزوں کا حکم دیا ہم نے روزے رکھے، پھر ہمیں زکوٰۃ کا حکم دیا ہم نے ادا کی، پھر حج کا حکم دیا ہم نے انجام دیا، پھر تم اس پر بھی راضی نہ ہوئے اور اپنے چچازاد کو ہم پر حاکم بنا دیا اور تم نے کہا "من کنت مولا فهذا علی مولاه" کیا یہ تمہاری طرف سے ہے یا اللہ کی طرف سے؟

حضرت نے فرمایا: یہ اللہ کی طرف سے ہے۔

راوی کہتا ہے کہ حارث بن نعمان غصہ کی حالت میں کھڑا ہوا اور یہ کہتا ہوا روانہ ہوا

"بارِ الٰہا! جو کچھ محمد نے کہا ہے اگر حق ہے تو مجھے فوراً عذاب نازل فرما"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر وادی کی طرف آیا، اپنی ناقہ کی مہار کو کھولا اور اس پر سوار ہوا جب وادی کے درمیان پہنچا تو خدا نے ایک پتھر پھینکا جو اس کے دماغ کے درمیان میں لگا اور پاخانے کے مقام سے نکل گیا پس مردہ حالت میں گرا۔

پس اللہ تعالیٰ نے اس وقت یہ آیت نازل فرمائی "سأل سائل........." یعنی سوال کرنے والے نے سوال کیا ایسے عذاب کا جو کافروں پر واقع ہونے والا ہے جس کو کوئی نہیں روک سکتا۔

ابو اسحاق ثعلبی اہل حدیث کے امام نے اپنی تفسیر میں اس حکایت کو نقل کیا ہے۔(۱)

چھٹی حکایت

ابو صالح راوی ہے کہ ضرار بن ضمرہ کنانی معاویہ کے پاس آیا معاویہ نے ضرار سے کہا: علیؑ کے اوصاف بیان کرو۔

ضرار نے کہا: مجھے معاف رکھ۔

معاویہ نے کہا: معاف نہیں کروں گا۔

ضرار نے کہا: اگر اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں تو سن

علیؑ بڑی عظمت کے مالک تھے،

نہایت طاقتور تھے،

بات اٹل کرتے تھے،

(۱) تفسیر ثعلبی ج۴ص۲۴۴، الغدیر ج۱ص۲۳۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فیصلہ عدل کے ساتھ کرتے تھے،

ان کے دہن مبارک سے علم پھوٹتا تھا،

علیؑ کے پہلوؤں سے حکمت بولتی تھی، یا (راوی کا تردد ہے) علیؑ کے داڑھوں سے حکمت بولتی تھی،

وہ دنیا دنیا کی رنگینیوں سے وحشت کرتے تھے،

رات اور رات کے اندھیرے سے (عبادت کے لئے) انس رکھتے تھے،

خدا کی قسم! علیؑ بہت زیادہ آنسو بہانے والے،

طولانی فکر کرنے والے،

(اسلام کی دگرگوں حالت پر) کف افسوس ملنے والے تھے،

(دوسروں کو کہنے سے پہلے) اپنے نفس کو خطاب فرماتے تھے،

حضرت کو سستا لباس اور سخت کھانا پسند تھا،

خدا کی قسم! ہمارے ساتھ ایسے ہی تھے جیسے ہم میں سے ایک ہوں،

جب ہم حضرت کی خدمت میں آتے تو حضرت ہمیں اپنے قریب بٹھاتے،

جب ہم سوال کرتے تو جواب دیتے،

حضرت کا ہمارے ساتھ لطف و محبت ہونے کے باوجود حضرت کی ہیبت و رعب کی وجہ سے ہم بول نہیں سکتے تھے،

جب تبسم فرماتے تو یوں لگتا جیسے ایک لڑی میں پروئے ہوئے موتی ہوں،

دیندار لوگوں کی تعظیم کرتے،

مسکینوں سے محبت فرماتے،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طاقتور حضرتؑ سے باطل کی طمع نہ رکھتا،

کمزور شخص حضرتؑ کے عدل سے مایوس نہ ہوتا،

میں خدا کو گواہ کر کے کہتا ہوں میں نے حضرتؑ کو بعض مقامات پر دیکھا جب رات اپنے سیاہ پردے ڈال چکی تھی اور ستارے ماند پر چکے تھے جب کہ حضرت محراب عبادت میں کھڑے تھے اپنی ریش مبارک کو پکڑا ہوا تھا اس طرح تڑپ رہے تھے جس طرح بیمار درد سے تڑپتا ہے، شدت غم وحزن کی حالت میں رو رہے تھے گویا کہ ابھی بھی میں حضرت کی آواز سن رہا ہوں اور حضرت کہہ رہے ہیں: "رَبَّنَا رَبَّنَا" (ہمارے رب) خضوع زاری کی حالت میں کہہ رہے تھے "رَبَّنَا رَبَّنَا" پھر دنیا کو خطاب کر کے فرمانے لگے: کیا تو میرے درپے ہونا چاہتی ہے کیوں تو میری مشتاق ہے۔ مجھ سے دور ہو جا، دور ہو جا، دور ہو جا، میرے غیر کو دھوکا دے، تیرا وہ وقت نہ آئے کہ علیؑ تجھے چاہنے لگے، میں نے تجھے تین طلاقیں دے دی ہیں، تیری عمر کوتاہ، تیرے عیش حقیر، تیرا مرتبہ کم ہے ہائے افسوس زاد راہ کم ہے، سفر طولانی ہے اور راستہ خوف ناک ہے۔

راوی کہتا ہے: معاویہ کے آنسو اس کی داڑھی پر گر رہے تھے، آنسو روکنے پر قادر نہ تھا، اپنے آنسو آستین سے صاف کر رہا تھا، تمام لوگ رو رہے تھے

معاویہ نے کہا: خدا کی قسم! ابو الحسنؑ ایسے ہی تھے۔

پھر کہنے لگا: اے ضرار! علیؑ کے بعد تجھے کتنا غم ہے؟

ضرار نے کہا: میرا غم اس ماں جیسا ہے جس کا ایک ہی بیٹا ہو اور اس کی گود میں ذبح کر دیا جائے، جس کے آنسو کبھی خشک نہیں ہوتے، جس کے غم کو سکون نہیں ہوتا۔ پھر ضرار اٹھ کر چلا گیا۔(۱)

(۱)امالی صدوق ص۴۹۹، حلیلة الاولیاء ج۱ ص۸۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتویں حکایت

محمد ابن منصور طوسی کہتے ہم شیخ احمد ابن حنبل کے پاس بیٹھے تھے تو ایک مرد نے احمد بن حنبل سے پوچھا: اے ابوعبداللہ! تمہارا اس حدیث کے بارے میں کیا خیال ہے جو روایت کی جاتی ہے کہ علیؑ نے کہا: میں جنت و دوزخ تقسیم کرنے والا ہوں؟

احمد بن حنبل نے کہا: ہم اس کا انکار نہیں کرتے، کیا ہم پیغمبرؐ سے یہ حدیث نقل نہیں کرتے کہ پیغمبرؐ نے علیؑ سے فرمایا: "تجھ سے فقط مومن محبت رکھے گا اور فقط منافق تجھ سے بغض رکھے گا"

ہم نے کہا: ہاں! یہ حدیث تو ہے

احمد بن حنبل نے پوچھا: (بروزِ قیامت) مومن کہاں ہوگا؟

سائل نے کہا: جنت میں۔

احمد بن حنبل نے پھر پوچھا: منافق کہاں ہوگا؟

کہا: جہنم میں۔

تو احمد بن حنبل نے کہا: پھر تو علیؑ جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہوئے۔(۱)

(۱) طبقات الحنابلہ ا ص ۳۲۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آٹھویں حکایت

محمد ابن منصور کہتا ہے: میں نے شیخ ابن حنبل سے سنا کہ وہ ہمیشہ کہتے تھے کہ کسی کے اتنے فضائل نقل نہیں ہوئے جتنے علیؑ کے فضائل نقل ہوئے ہیں۔(۱)

نویں حکایت

جاحظ کہتا ہے کہ میں نے نظام سے سنا جو کہتا تھا: علیؑ بولنے والے کے لئے امتحان ہے اگر علیؑ کے فضائل کا حق پورا ادا کریں تو انسان غالی ہو جاتا ہے اور اگر حق میں کمی کریں تو گناہگار اور کمی کرنے والے.........ہوتے ہیں اور درمیانی منزل نہایت باریک حق وزن اور دشوار ہے جس کے لئے زبان کی تیزی چاہئے اس مشکل منزل کو ذکر کرنے کے لئے اور اس چوٹی کو سر کرنے کے لئے نہایت ہی ماہر اور نہایت ہی عقلمند شخص کی ضرورت ہے۔ (۲)

(۱) بحار جلد ۴۰ ص ۱۲۴ مناقب خوارزمی ص ۳

(۲) مسلسلات ص ۱۱۳، امالی طوسی ج ۲ ص ۲۰۱

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دسویں حکایت

قتادہ کہتے ہیں کہ اروی بنت حارث ابن عبدالمطلب جب بہت بوڑھی ہو چکی تھی مدینہ میں معاویہ کے پاس آئی معاویہ نے اس کو دیکھ کر کہا: اے خالہ خوش آمدید میرے بعد تیری کیا حالت ہے؟

وہ کہنے لگی: اے بھتیجے تیرا کیا حال ہے تو نے نعمت کا انکار کیا اور چچا کے بیٹے کا ساتھ برے طریقے سے نبھایا،

جو تیرا نام نہیں تھا وہ نام تو نے رکھ لیا ہے،

وہ جو تیرا حق نہیں تھا اس کو لے لیا بغیر اس کے کہ تو نے کوئی مصائب برداشت کئے ہوں،

نہ تیرے آباء واجداد نے ہمارے دین میں کوئی مصیبت برداشت کی،

پیغمبر کے ساتھ تمہارا کوئی سابقہ تعلق بھی نہیں بلکہ جو کچھ پیغمبر لائے تم نے اس کا انکار کیا،

خدا تمہارے اجداد کو ہلاک کرے تم نے غرور و تکبر کی وجہ سے اپنے منہ کو ٹیڑھا کیے رکھا حتیٰ کہ خدا نے حق کو اہل کی طرف پلٹا دیا،

پس ہماری بات غالب رہی اور جس نے ہمارے رسول سے دشمنی کی اس کے مقابلے میں خدا نے پیغمبر کی مدد فرمائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے بعد ہم پر حسد کرتے ہوئے اور ہمارے خلاف بغاوت کرتے ہوئے قریش ہم پر جھپٹ پڑے

لیکن! الحمدللہ ہم اہلبیت محمد علیہم السلام ہیں تمہارے درمیان نبی اسلام کے بعد ہمارا مرتبہ وہی جو ہارون کو موسیٰ سے تھا

ہمارا انجام جنت اور تمہارا انجام آگ ہے۔

جب بات یہاں تک پہنچی تو عمرو ابن عاص نے کہا: اے گمراہ بوڑھی رک جا اپنی بات کو ختم کر جبکہ تیری عقل نہیں ہے تنہا تیری گواہی جائز نہیں۔

خاتون نے کہا: اے زانیہ کے بیٹے تو بھی بولتا ہے جبکہ تیری ماں بدکاری میں مکہ میں سب سے مشہور عورت تھی جس کی اُجرت سب سے کم تھی تیرے بارے میں قریش کے پانچ مردوں نے دعویٰ کیا کہ یہ ہمارا بیٹا ہے پس تیری ماں سے پوچھا گیا تو اس نے کہا یہ سب مرد میرے پاس آئے تھے اور زنا کیا تھا۔ پس دیکھو یہ شکل و صورت میں کس شخص کے ساتھ ملتا ہے اسی کا بیٹا سمجھو پس تیری شکل سب سے زیادہ عاص بن وائل سے مشابہ تھی جو قریش کے حیوان ذبح کرنے والا تھا (یعنی قصائی تھا)

مروان ابن الحکم نے کہا: رک جا! اے بوڑھی! جس کام کے لئے آئی ہے وہ کام کر۔

تو اروی نے کہا: اے نیلی آنکھوں والی عورت کے بچے تو بھی بولتا ہے خدا کی قسم تو حکم ابن ابی العاص سے زیادہ حارث ابن کلاہ کے غلام کے بال سے زیادہ مشابہ ہے میں نے سیدھے بالوں والے حکم کو دیکھا ہے وہ لمبے قد والا تھا تم دونوں کے درمیان کوئی قرابت و رشتہ داری نہیں سوائے اس کے جس طرح چھوٹے پیٹ والے گھوڑے کی قرابت اس گدھیا سے ہوتی ہے جس کے ماں باپ میں سے ایک عربی ہو اور دوسرا غیر عربی جو کچھ میں نے تجھے بتایا اس کے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بارے میں اپنی ماں سے پوچھ وہ تجھے ساری بات بتائے گی۔

پھر معاویہ کی طرف متوجہ ہوئیں اور کہا: ان دونوں کو میرے خلاف بولنے کی جرأت تو نے دی ہے اور تیری ماں نے ہمارے چچا حضرت حمزہؑ کے قتل کے بارے میں یہ اشعار کہے تھے:

نحن جزیناکم بیوم بدر

و الحرب بعد الحرب ذات سعر

ما کان عن عتبة لی من صبر

و لا أخی و عمّه و بکر

سکّن وحشی غلیل صدری

فشکر وحشی علیّ دهری

حتی ترمّ أعظمی فی قبری

ترجمہ:

ہم نے تمہیں بدر کے دن کا بدلہ دیا کیونکہ جنگ کے بعد جنگ بھڑکتی ہے میں عتبہ اور اپنے بھائی اور اس کے چچا اور بکر کے بغیر صبر نہیں کرسکتی تھی اے وحشی میرے سینہ کے کینہ کو سکون دے پس وحشی کا شکریہ مجھ پر ہمیشہ واجب ہے جب تک میری ہڈیاں قبر میں گل سڑ نہ جائیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو میرے چچا کی بیٹی نے تیری ماں کی بات کا جواب ان اشعار میں دیا۔

خزيت في بدر و غير بدر
يا ابنة وقّاع عظيم الكفر
صبّحك الله غداة النحر
بالهاشمين الطوال الزمر
حمزة ليثي و عليّ صقري
و نذرك الشرّ فشرّ نذر
هتك وحشي ضمير صدري
هتك وحشي حجاب ستري
ما للبغايا بعدها من فخر

ترجمہ:

تو بدر اور غیر بدر میں رسوا ہوئی، اے غیبت کرنے والے اور کفر پر لڑنے والے کی بیٹی، خدا نے تیری صبح نحر کے دن سویرے ہاشمیوں کے ساتھ کی جو طولانی قد والے خوبصورت تھے حمزہؑ میرا شیر ہے اور علیؑ میرا باز ہے اور تیری نذر ایک بری منت تھی تیرے وحشی نے میرے سینے کے ضمیر کی ہتک کی اور وحشی کی ہتک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرے حجاب کے پردہ تک ہے اور بدکار لوگوں کے
لئے اس کے بعد کوئی فخر نہیں۔

معاویہ، عمر بن عاص اور مروان بن حکم کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: تم دونوں نے اس خاتون کو مجھ پر جری کیا ہے۔

پھر کہنے لگا: اے خالہ اپنی حاجت کا قصد کرو اور پرانے قصے چھوڑو۔

وہ کہنے لگیں: کیا تو مجھے دو ہزار دینار، دو ہزار دینار، دو ہزار دینار دے گا؟

معاویہ نے پوچھا: دو ہزار دینار کیا کرے گی؟

کہا: میں ایک چشمہ نرم زمین میں خریدوں گی جو الحارث ابن عبدالمطلب کے غریب لوگوں کے لئے ہوگا۔

معاویہ نے پوچھا: دوسرے دو ہزار سے کیا کرے گی؟

کہنے لگیں: حارث ابن عبدالمطلب کی اولاد کی ان کے ہم پلہ اولاد سے شادیاں کروں گی۔

معاویہ نے کہا تیسرے دو ہزار سے کیا کرے گی؟

کہا: ان سے اپنے آڑے وقت میں مدد لوں گی اور حج کروں گی۔

معاویہ نے کہا یہ سب کچھ میں تمہیں دیتا ہوں لیکن خدا کی قسم اگر علیؑ (تیرے چچا کے بیٹے) زندہ ہوتے تو وہ تجھے اتنا نہ دیتے۔

کہنے لگیں: تو نے سچ کہا ہے علیؑ نے اللہ کے لئے امانت کی حفاظت کی ہے لیکن تو نے امانت کو ضائع کیا اور اس میں خیانت کی۔

پھر کہنے لگیں: علیؑ کا تذکرہ چھوڑ، خدا تیرے منہ کو توڑے اور تیری مصیبت کو زیادہ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرے۔

پھر ان کے گریہ کی صدا بلند ہوئی اور وہ ابوالاسود دوئلی کے یہ اشعار پڑھنے لگیں: (بعض نے کہا کہ یہ اشعار خود ار وئ کے ہیں)

ألا يا عين ويحك اسعدينا
ألا فأبك أمير المومنينا
رزينا خير من ركب المطايا
و جرّبها، من ركب السفينا
و من لبس النعال، و من حذاها
و من قرأ المثاني و المبينا
إذا استقبلت وجه أبي حسين
رأيت البدر رأى الناظرينا
ألا أبلغ معاوية بن حرب
فلا قرّت عيون أجمعينا
نعى بعد النبيّ فدته نفسي
أبو حسن و خير الصالحينا
كأنّ النّاس إذ فقدوا عليا

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نعام ضلّ فی بلد عزینا
فلا واللہ لا أنسی علیّا
و حسن صلاتہ فی الراکعینا
لقد علمت قریش حیث کانت
بأنّك خیرھم حسبا و دینا

ترجمہ:

اے آنکھ تجھے والے ہو ہم سے تعاون کر اور امیر المومنینؑ پر گریہ کر ہم اس کی مصیبت میں مبتلا ہوئے جو ان لوگوں میں سے سب سے زیادہ بہترین سواریوں پر سوار ہوئے اور جو کشتیوں پر سوار ہوئے اور جس نے جوتا پہنا اور نعلین پہنی اور جس نے حمد پڑھی اور یٰسین پڑھی، جب میں حسینؑ کے باپ کے سامنے آئی تو میں نے واضح طور پر چودھویں کے چاند کو دیکھا خبر دار حرب کے بیٹے معاویہ کو بتا دو جو ہمیں شماتت کرے کبھی وہ خوش نہ ہو کیا احترام والے مہینے میں تم نے ہمیں مصیبت میں مبتلا کیا اس شخص کی مصیبت جو تمام لوگوں سے افضل ہے پیغمبر کے بعد اس پر میری جان قربان ہو ہمیں ابو الحسنؑ جو تمام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صالحین سے افضل ہے کی موت کی خبر ملی علیؑ کے جانے
کے بعد لوگ گویا چوپائے ہیں جو گمراہی کی حالت میں
شہر میں متفرق طور پر پھر رہے ہیں۔ خدا کی قسم! میں
علیؑ کو نہیں بھولوں گی اور علی کی نماز کے حسن کو نہیں بھول
سکتی قریش جہاں بھی ہوں وہ جانتے ہیں کہ تو حسب
ونسب کے لحاظ سے اور دین کے لحاظ سے ان سب
سے بہتر ہے۔

راوی کہتا ہے کہ معاویہ رونے لگا اور کہنے لگا: جس طرح اے خالہ تو نے کہا: خدا کی قسم علیؑ ایسے ہی تھے اور پھر جواروی نے مانگا تھا اس کو حکم دے دیا۔ (۱)

گیارہویں حکایت

محمد ابن سلیمان نے اُبیٰ سے جس نے پہلے صحابہ کو دیکھا تھا کہتا ہے میں نے زر بن حبیش سے سنا جب علیؑ شہید ہوئے، خبر دینے والا مدینہ آیا، پورا شہر آہ وفغاں اور زاری کرنے لگا جس طرح پیغمبر کی وفات کے دن گریہ ہوا تھا، تمام لوگ بھاگتے ہوئے ام المومنین کے دروازے پر آئے۔ لیکن انہوں نے دیکھا کہ ام المومنین تک یہ خبر پہنچ چکی ہے لوگ وہاں سے نکلے جب دوسرا دن ہوا تو انہوں نے کہا ام المومنین عائشہ پیغمبر کی قبر پر جانے والی ہیں لوگ دوڑ کر آئے۔ ام

(۱) بلاغات النساء ص ۲۷ بحار ج ۴۲ ص ۱۱۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

المومنین عائشہ بہت زیادہ گریہ و بکا کی وجہ سے بولنے پر قادر نہ تھی اور نہ جواب دے رہی تھی لوگوں نے ان کے گرد گھیرا ڈالا ہوا تھا حتیٰ کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے پر پہنچ گئیں اور چوکھٹ کے دونوں بازوؤں کو پکڑ کر ندا دی ''السلام علیك یا سید الانبیاء السلام علیك یا سید الشفعاء السلام علیك'' (یعنی) آپ پر سلام ہو اے وہ ذات جو ان تمام لوگوں سے افضل ہے جنہوں نے قمیص اور ردا پہنی اور ان تمام افراد سے زیادہ عزت والے ہیں جنہوں نے نعلین پہنی تم پر سلام اور تمہارے دونوں صحابیوں ابوبکر و عمر پر۔

خدا کی قسم! میں آپ کو اس کی شہادت کی خبر دینے آئی ہوں جو تمام مخلوقات سے زیادہ تمہیں آپ کو محبوب تھے اور اس کے لئے رو رہی ہوں جو تمام افراد سے زیادہ آپ کے قریب تھے،

خدا کی قسم آپ کے چچا کا وہ بیٹا قتل کیا گیا جس کی فضیلت نہیں بھلائی جائے گی۔

خدا کی قسم! تیرا حبیب مرتضیٰ قتل کیا گیا۔

خدا کی قسم! وہ قتل کیا گیا جس سے آپ نے سیدۃ النساء فاطمہ کی تزویج کی تھی،

آپ کی قبر شق ہو اور آپ دیکھیں کہ میں بہت زیادہ غم کے آنسو بہا رہی ہوں،

حیرانی کے عالم میں گریہ کر رہی ہوں۔

پھر ان للہ و انا الیہ راجعون پڑھا پھر حکم دیا کہ اس کے اور لوگوں کے درمیان پردہ لگایا جائے پھر کہا: لوگو! تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیوں جمع ہوئے ہو تم کیا کہنا چاہتے ہو۔

لوگوں نے کہا: اے ام المومنین آپ علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے بارے میں کیا کہتی ہیں؟

وہ کہنے لگیں: اگر میں علیؑ کے بارے میں کہوں تو یہ کہوں گی:

خدا کی قسم! وہ تمام اوصیاء کے سید و سردار تھے،

خاتم الانبیاء کے چچا زاد تھے،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سب سے زیادہ متقی تھے،

چنے ہوئے لوگوں کے امام تھے،

بتول زہراؑ کے شوہر تھے،

دشمنوں پر اللہ کی کھینچی ہوئی تلوار تھے،

نیک لوگوں کے امیر تھے،

کافروں کے قاتل،

عشرہ مبشرہ والے دس افراد میں سے تھے جن کو پیغمبر نے جنت بشارت دی تھی،

تم سب سے پہلے سے جہاد اور کوشش کرنے والے تھے،

ہمیشہ بیدار رہنے والے تھے،

فکر کا معدن تھے،

دین کو مظبوط کرنے والے تھے،

مومنوں کے مولا تھے،

انزع البطین تھے،

عاقل اور صاحب وقار تھے،

دین خدا میں قوی اور اللہ کے امر کے ساتھ قیام کرنے والے تھے۔

اے لوگو! میں علیؑ کی رات کی عبادت اور مناجات کو بصرہ کے میدانِ جنگ میں دیکھ چکی ہوں۔

زر ابن جیش کہتا ہے پھر اپنے آپ کو پیغمبر کی قبر پر گرایا اور رو رہی تھیں اور کہہ رہی تھیں:

اے نبی ہدایت میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدا کی قسم قیامت میں تیرا جھنڈا اٹھانے والا قتل ہو گیا۔

پھر لوگوں کی طرف دیکھا جو رو رہے تھے۔

آپ نے کہا: لوگو! گریہ کرو آج گریہ کرنا اچھا ہے،

آج محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا نے وفات پائی ہے۔

پھر دیکھا کہ لوگ گریہ کر رہے ہیں تو سرد آہ بھری اور خود کو پیغمبر کی قبر مطہر پر گرا دیا۔

پس خدا کی قسم! میں نے پختہ گمان کیا کہ ام المومنین عائشہ وفات پا گئیں ہیں۔ قریش کی عورتوں نے اٹھا کر گھر پہنچایا جبکہ وہ کہہ رہی تھیں:

اشعار:

عجبت لقوم یسألونی عن الذی

فضائله مشهورة فی المشاهد

فجدّد حزنی و استهلّت مدامعی

لوجهك یامن یرتجی للشدائد

ترجمہ:

مجھے تعجب ہے اس قوم پر جو مجھ سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھتے ہیں جس کے فضائل ہر مشاہد کی جگہ مشہور ہیں۔ میرا غم تازہ ہوا اور میرے آنسو بہنے لگے تیرے لئے اے وہ جس کی سختیوں میں امید کی جاتی ہے۔(۱)

(۱)اثنا عشریہ فی المواعظ العدیہ ص ۴۱۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بارھویں حکایت

ابراہیم ابن مہوان کہتا ہے کوفہ میں ایک فامی ہمارا ہمسایہ تھا جس کی کنیت ابو جعفر تھی، لیکن دین میں اچھا تھا، جب کوئی سید اس کے پاس آتا تو جو کچھ وہ مانگتا یہ دیتا تھا، اگر سید کے پاس رقم ہوتی (یعنی واپس کرنے آتا) تو لے لیتا ورنہ اپنے غلام سے کہتا کہ لکھو یہ چیز علیؑ نے لی ہے۔ کچھ عرصہ (اس کا یہی طریقہ) رہا یہاں تک کہ وہ غریب ہو گیا اور اپنے گھر میں بیٹھ گیا، اپنی کتاب میں دیکھتا، جس کا ادھار ہوتا اگر وہ مقروض زندہ ہوتا تو کسی کو بھیج کر وصول کرتا اور اگر مقروض مر چکا ہوتا تو اس کے نام پر لکیر مار دیتا۔

ایک دن وہ اپنے گھر کے دروازے پر بیٹھا تھا اور کتاب دیکھ رہا تھا کہ وہاں سے ایک ناصبی (دشمن اہلبیت) گزرا مذاق اُڑاتے ہوئے کہنے لگا تیرے سب سے بڑے مقروض (یعنی علیؑ) نے تیرے ساتھ کیا کیا؟

اس بات سے وہ فامی مغموم ہوا۔ جب رات ہوئی تو خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا، امام حسن علیہ السلام و امام حسین علیہ السلام سامنے چل رہے تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (حسنین شریفین علیہما السلام سے) پوچھا: تمہارا باپ کہاں ہے؟

امیر المومنین نے جواب دیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں حاضر ہوں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا وجہ ہے تم اس مرد کا حق نہیں دیتے؟

عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس کا دنیا میں جو حق ہے وہ میں لے آیا ہوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے دے دو۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولا نے ایک اونی تھیلا مجھے دیا اور فرمایا: یہ تمہارا حق ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے لے لے اور علیؑ کی اولاد جو آئے اور جس چیز کا مطالبہ کرے اسے خالی نہ پلٹانا، جا آج کے بعد تو غریب نہ ہوگا۔ میں بیدار ہوا اور تھیلا میرے ہاتھوں میں تھا۔

پس میں نے اپنی بیوی کو آواز دی کہ کیا بیدار ہے یا نیند میں ہے کہنے لگی بیدار ہوں۔

میں نے کہا: چراغ جلاؤ اس نے چراغ جلایا، میں نے اسے تھیلا دیا، اس نے دیکھا اس میں ہزار دینار تھے۔ بیوی کہنے لگی: اے مرد خدا! خوف کر کہیں ایسا تو نہیں کہ تو نے غربت کی وجہ سے کسی تاجر کو دھوکا دے کر یہ مال اس سے لیا ہو۔

میں نے کہا: خدا کی قسم ایسا نہیں ہے اس کا قصہ یہ ہے (پورا واقعہ سنایا) اس نے قرض والی کتاب منگوا کر دیکھی تو اس میں کم یا زیادہ جو کچھ حضرت علیؑ کے نام پر لکھا ہوا تھا وہ لکھائی موجود نہیں تھی۔(۱)

تیرھویں حکایت

سعید ابن جبیر کہتے ہیں کہ ابن عباس قریش کے ایک گروہ کے پاس سے گزرے، ابن عباسؓ اس وقت نابینا ہو چکے تھے، ان کا بیٹا ان کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھا۔ ابن عباسؓ نے قریش کے افراد کی آواز سنی تو رُک گئے اور سلام کیا۔ وہ لوگ بھی رک گئے اور سلام کا جواب دیا۔ پھر ابن

(۱) فضائل ابن شاذان ص ۹۵ روضہ الفضائل ص ۱۱۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عباس چل پڑے۔

بیٹے نے پوچھا: جو کچھ انہوں نے کہا آپ نے سنا؟

انہوں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے کیا کہا؟

بیٹے نے بتایا قریش نے علی پر سب وشتم کیا اور ناسزا کہا۔

ابن عباس نے کہا مجھے ان کے پاس واپس لے چلو۔

بیٹا لے آیا تو ابن عباسؓ نے قریش کے ان افراد سے پوچھا: تم میں سے کون ہے جو خدا پر سب وشتم کرے۔

انہوں نے ابن عباسؓ سے کہا: جو خدا پر سب وشتم کرے وہ کافر ہے۔

ابن عباس نے پوچھا: تم میں سے کون ہے جو پیغمبر پر سب وشتم کرے؟

سب نے کہا: جو پیغمبر پر سب وشتم کرے وہ مشرک ہو جاتا ہے۔

پھر ابن عباسؓ نے پوچھا: تم میں سے کس نے علیؑ پر سب وشتم کیا ہے؟

انہوں نے کہا: ہم نے علیؑ کے بارے میں ناسزا کہا ہے۔

ابن عباسؓ نے کہا: میں خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں اور خدا گواہ ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جو علیؑ کو سب وشتم کرے وہ مجھے سب وشتم کرتا ہے اور جو مجھے سب وشتم کرے وہ خدا کو سب وشتم کرتا ہے اور جو خدا کو سب وشتم کرتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے۔

پھر ابن عباسؓ اپنے بیٹے کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا: میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں ان کے بارے میں کہو

نظروا إلي بأعين محمرّة

نظر التيوس إلي شفار الجازر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ:

انہوں نے میری طرف سرخ آنکھوں سے دیکھا جس
طرح جنگلی بکرا ذبح کرنے والے کو دیکھتا ہے اور کہو
میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔

بیٹے نے کہا:

خزر الحواجب خاضعي أعناقهم
نظر الذليل إلى العزيز القاهر

ترجمہ:

آنکھوں کی تنگی اور ابرو کی تنگی جبکہ ون کی گردنیں جھکی ہوئیں تھیں اس طرح دیکھ رہے ہیں جیسے ذلیل انسان غالب اور قاہر کو دیکھتا ہے۔

ابن عباس نے کہا: میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں اور شعر کہو
بیٹے نے کہا: اس کے علاوہ میرے پاس نہیں ہے۔
تو خود ابن عباس نے یہ اشعار کہے:

سبّوا الاله و كذبوا بمحمّد
و وصيّه الزاكي التقي الطاهر
هم تسعة لعنوا جميعاً كلّهم
و الله ملحقهم غداً بالعاشر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أحياؤهم عار على موتاهم

والميّتون فضيحة للغابر

ترجمہ:

انہوں نے خدا پر سب کیا اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب کی
اے اس کے وصی جو پاک متقی اور طاہر ہیں ان کی بھی
تکذیب کی یہ نو ہیں ان سب پر لعنت ہوئی خدا کل ان
کو دسویں کے ساتھ ملحق کرے گا ان کے زندہ افراد
ان کے مردوں کے لئے عار و ننگ ہیں اور ان کے
مردے ان کے گذشتہ کے لئے رسوائی ہیں۔

راوی کہتا ہے کہ یہ دس افراد تھے جب ابن عباس نے ان کی مذمت میں شعر کہا: تو ایک چلا گیا اس لئے کہا کہ یہ نو ہیں۔(۱)

چودھویں حکایت

قاضی ابو القاسم علی ابن المحسن ابن علی التنوحی کہتا ہے ابو الفرج عبد الواحد ابن نصر مخزومی جو بیغا کے نام سے معروف

(۱) کفایت الطالب ص ۸۲ الغدیر ص ۲۹۹ ج ۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے اس نے مجھے یہ حکایت لکھوائی کہتا ہے:

میں تین سو پچاس سے کچھ زیادہ سن میں صور شہر میں ابوعلی محمد ابن مستامن کے پاس تھا اس کو "مستامن اللہ" کہتے ہیں اس نے قرامۃ کے لشکر سے امان طلب کی اس کے پاس شہر کا قاضی ابوالقاسم علی ابن ریان آیا وہ جوان، ادیب، فاضل، بڑی عظمت والا اور بڑا مال دار تھا جب وہ آیا تو رات کا وقت تھا۔ اذن مانگا جب اذن مل گیا تو داخل ہوا اور کہا: اے امیر! رات کو ایک واقع ہوا ہے اس جیسا واقعہ پہلے کبھی نہیں ہوا، ایک اندھا لاغر مریض شخص ہر رات کی آخری تہائی میں اٹھتا ہے اور شہر کا چکر لگاتا ہے اور بلند آواز میں کہتا ہے:

اے غافلو! اللہ کو یاد کرو، اے گنہگارو! استغفار کرو، اے معاویہ کے دشمنوں تم پر اللہ کی لعنت ہے۔

میری دایہ کی عادت ہے کہ اس کی آواز پر بیدار ہوتی تھی آج رات میری دایہ نے مجھے آ کر بیدار کیا اور مجھ سے کہا کہ میں سوئی ہوئی تھی خواب میں دیکھا گویا لوگ جامع مسجد کی طرف بھاگ رہے ہیں، میں نے پوچھا: کیوں جا رہے ہیں؟ تو لوگوں نے بتایا کہ وہاں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آئے ہیں میں بھی مسجد کی طرف گئی، مسجد میں داخل ہوئی، میں نے پیغمبرؐ کو منبر پر دیکھا۔

حضرت کے سامنے ایک شخص کھڑا ہے اور دائیں بائیں دو غلام کھڑے ہیں، لوگ سلام کر رہے ہیں حضرت جواب دے رہے ہیں حتیٰ کہ میں نے اس اندھے لاغر شخص کو دیکھا، جو شہر میں پھرتا ہے اور آوازیں لگاتا تھا کہ اے غافلو! خدا کا ذکر کرو وغیرہ وہ اندھا شخص جب آیا اس نے سلام کیا، پیغمبر نے رُخ پھیر لیا، تین مرتبہ ایسا ہوا حضرت نے منہ پھیر لیا۔

ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے کھڑا تھا، کہنے لگا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ آپ کی امت میں سے ہے، بیمار ہے، قرآن حفظ کرتا ہے، آپ پر سلام کرتا ہے، آپ جواب سے کیوں محروم فرما

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رہے ہیں؟

حضرت نے فرمایا: اے ابوالحسن! تیس سال سے یہ آپ اور آپ کی اولاد پر لعن کرتا ہے۔

پس سامنے کھڑا ہوا شخص متوجہ ہوا اور فرمایا: اے قنبر! یہ سننا تھا کہ وہ لاغر شخص بھاگنے کی کوشش کی

(مولا نے قنبر سے) کہا: اس کو تھپڑ مارو۔

قنبر نے ایسا تھپڑ مارا کہ وہ منہ کے بل زمین پر گر گیا پھر میں بیدار ہو گئی پس اب میں اس کی آواز نہیں سن رہی اور یہی وقت ہوتا تھا رات جب وہ آواز دیتا تھا۔

ابوفرج کہتا ہے اے امیر کسی کو بھیج کر اس کی خبر معلوم کرتے ہیں۔ ہم نے ایک قاصد کو بھیجا تا کہ اس کی خبر ہمیں آ کر بتائے قاصد نے بتایا کہ اس اندھے شخص کی بیوی نے کہا ہے کہ اسکی گدی (پس گردن) میں سخت چوٹ لگی ہے جس کی وجہ سے وہ چکر لگانے اور آواز لگانے نہیں گیا۔

میں نے ابوعلی ستامن سے کہا: اے امیر یہ نشانی ہے اس کا مشاہدہ کرنا واجب ہے۔

ہم سوار ہوئے، تھوڑی سی رات باقی تھی، اسی مریض کے گھر گئے، ہم نے اس کو منہ کے بل سویا ہوا پایا، اس کی آواز بیل کے بولنے جیسی آ رہی تھی، ہم نے اس کی بیوی سے پوچھا: اسے کیا ہوا ہے؟

اس نے کہا: اس کی گردن کے پیچھے چوٹ لگی ہے اور گردن کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ پہلے ایک مسور کے دانے کے برابر زخم تھا، پھر بڑھ گیا اور سوج کر پھٹ گیا ہے اور یہ جیسا کہ تم مشاہدہ کر رہے ہو اب بیل کے جیسی آواز دے رہا ہے۔

ہم اس کو چھوڑ کر واپس آ گئے، جب صبح ہوئی تو وہ مر گیا، صور (قصبہ) کے لوگ اس کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنازے اور تعظیم کے لیئے گئے۔

ابوالفرج کہتا ہے کہ جب میں تین سو اڑسٹھ ہجری موصل میں گیا تو عضدالدولہ کے خزانچی ابونصر خورشید یزدیار کے گھر میں رہا، وہاں ہر طبقہ کے لوگ ہر روز جمع ہوتے تھے۔ میں نے ان کو یہ واقعہ سنایا۔

وہاں قاضی ابوعلی تنوخی، ابوالقاسم حسین بن محمد جنانی، ابواسحاق نصیبی ابن طرخان وغیرہ موجود تھے سب نے سوائے قاضی تنوخی کے اس واقعہ کا انکار کیا، لیکن قاضی نے کہا: یہ ممکن ہے یہ واقعہ اور اس کی تائید و تاکید کی اور اسی جیسے اور واقعات بھی سنائے۔

پھر اس واقعہ کو تھوڑا عرصہ گزر گیا۔ پس میں ابونصر کے گھر عادت کے مطابق گیا پھر اتفاق ہوا کہ بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔ جب ہم بیٹھ گئے تو ایک جوان نے مجھ پر سلام کیا جس کو میں نہیں پہچانتا تھا۔

میں نے پوچھا: آپ کون ہیں؟

کہا: میں ابوالقاسم ابن ریان صور شہر کا قاضی ہوں

میں نے اس کو بہت زیادہ تاکیدی قسمیں دیں کہ جو کچھ میں پوچھوں سچ سچ بتانا۔

اس نے کہا: ہاں سچ کہوں گا۔ میرے خیال میں آپ اس اندھے مریض کا واقعہ پوچھنا چاہتے ہیں اور اس کی عجیب موت کے بارے میں؟

میں نے کہا: ہاں وہی واقعہ!

پھر اس نے پورا واقعہ اسی طرح سنایا جس طرح میں نے سنا تھا تمام لوگوں نے واقعہ سے تعجب کیا۔(۱)

(۱) مناقب مغازلی ۳۹۴

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رہے ہیں؟

حضرت نے فرمایا: اے ابوالحسن! تیس سال سے یہ آپ اور آپ کی اولاد پر لعن کرتا ہے۔

پس سامنے کھڑا ہوا شخص متوجہ ہوا اور فرمایا: اے قنبر! یہ سننا تھا کہ وہ لاغر شخص بھاگنے کی کوشش کی

(مولا نے قنبر سے) کہا: اس کو تھپڑ مارو۔

قنبر نے ایسا تھپڑ مارا کہ وہ منہ کے بل زمین پر گر گیا پھر میں بیدار ہو گئی پس اب میں اس کی آواز نہیں سن رہی اور یہی وقت ہوتا تھا رات جب وہ آواز دیتا تھا۔

ابوفرج کہتا ہے اے امیر کسی کو بھیج کر اس کی خبر معلوم کرتے ہیں۔ ہم نے ایک قاصد کو بھیجا تا کہ اس کی خبر ہمیں آ کر بتائے قاصد نے بتایا کہ اس اندھے شخص کی بیوی نے کہا ہے کہ اسکی گدی (پس گردن) میں سخت چوٹ لگی ہے جس کی وجہ سے وہ چکر لگانے اور آواز لگانے نہیں گیا۔

میں نے ابوعلی ستامن سے کہا: اے امیر یہ نشانی ہے اس کا مشاہدہ کرنا واجب ہے۔

ہم سوار ہوئے، تھوڑی سی رات باقی تھی، اسی مریض کے گھر گئے، ہم نے اس کو منہ کے بل سویا ہوا پایا، اس کی آواز بیل کے بولنے جیسی آ رہی تھی، ہم نے اس کی بیوی سے پوچھا: اسے کیا ہوا ہے؟

اس نے کہا: اس کی گردن کے پیچھے چوٹ لگی ہے اور گردن کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ پہلے ایک مسور کے دانے کے برابر زخم تھا، پھر بڑھ گیا اور سوج کر پھٹ گیا ہے اور یہ جیسا کہ تم مشاہدہ کر رہے ہو اب بیل کے جیسی آواز دے رہا ہے۔

ہم اس کو چھوڑ کر واپس آ گئے، جب صبح ہوئی تو وہ مر گیا، صور (قصبہ) کے لوگ اس کے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنازے اور تعظیم کے لئے گئے۔

ابوالفرج کہتا ہے کہ جب میں تین سو اڑسٹھ ہجری موصل میں گیا تو عضد الدولہ کے خزانچی ابونصر خورشید یزدیار کے گھر میں رہا، وہاں ہر طبقہ کے لوگ ہر روز جمع ہوتے تھے۔ میں نے ان کو یہ واقعہ سنایا۔

وہاں قاضی ابوعلی تنوخی، ابوالقاسم حسین بن محمد جنانی، ابواسحاق نصیبی ابن طرخان وغیرہ موجود تھے سب نے سوائے قاضی تنوخی کے اس واقعہ کا انکار کیا، لیکن قاضی نے کہا: یہ ممکن ہے یہ واقعہ اور اس کی تائید و تاکید کی اور اسی جیسے اور واقعات بھی سنائے۔

پھر اس واقعہ کو تھوڑا عرصہ گزر گیا۔ پس میں ابونصر کے گھر عادت کے مطابق گیا پھر اتفاق ہوا کہ بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔ جب ہم بیٹھ گئے تو ایک جوان نے مجھ پر سلام کیا جس کو میں نہیں پہچانتا تھا۔

میں نے پوچھا: آپ کون ہیں؟

کہا: میں ابوالقاسم ابن ریان صور شہر کا قاضی ہوں

میں نے اس کو بہت زیادہ تاکیدی قسمیں دیں کہ جو کچھ میں پوچھوں سچ سچ بتانا۔

اس نے کہا: ہاں سچ کہوں گا۔ میرے خیال میں آپ اس اندھے مریض کا واقعہ پوچھنا چاہتے ہیں اور اس کی عجیب موت کے بارے میں؟

میں نے کہا: ہاں وہی واقعہ!

پھر اس نے پورا واقعہ اسی طرح سنایا جس طرح میں نے سنا تھا تمام لوگوں نے واقعہ سے تعجب کیا۔(۱)

(۱) مناقب مغازلی ۳۹۴

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان اصحاب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام جن سے یہ احادیث روایت کی گئی ہیں:

(۱) حضرت ابوبکر

(۲) حضرت عمر

(۳) حضرت عثمان

(۴) حضرت علی علیہ السلام

(۵) سعد ابن ابی وقاص اور ام سلمہ رضی اللہ عنہ

(۶) عبدالرحمٰن بن عوف ۔

(۷) حضرت عبداللہ بن مسعود

(۸) حضرت ابن عباس

(۹) حضرت امام حسن بن علی علیہما السلام

(۱۰) حضرت امام حسین بن علی علیہما السلام

(۱۱) حضرت فاطمۃ الکبریٰ بنت الحسین علیہما السلام

(۱۲) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱۳) حضرت ابوذرؓ

(۱۴) حضرت عمار بن یاسرؓ

(۱۵) حضرت جابر

(۱۶) عمران ابن حصین

(۱۷) ابوموسیٰ الاشعری

(۱۸) ابو ہریرہ

(۱۹) معاذ بن جبل

(۲۰) انس بن مالک

(۲۱) ابوامامہ الباہلی

(۲۲) ابولیلیٰ الانصاری

(۲۳) ابوسعید الخدری

(۲۴) معقل بن یسار

(۲۵) حذیفہ بن الیمان

(۲۶) کعب بن عجزۃ

(۲۷) سلمہ بن الاکوع

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۲۸) انس بن مالک

(۲۹) اسعد بن زرارہ

(۳۰) حضرت ابوایوب انصاریؓ

(۳۱) ثوبان

(۳۲) معاوہ بن حیدہ

(۳۳) ابولیلیٰ الغفاری

(۳۴) ابوالحمراء

(۳۵) البراء بن عازب

(۳۶) الصلصال بن الدلھمس

(۳۷) عمر بن شاس

(۳۸) سہل بن ابی خیثمہ

(۳۹) عبداللہ بن عمر

(۴۰) حضرت ام سلمہؓ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذکورہ احادیث کو نقل کرنے والے چالیس بزرگ علماء کرام

(۱) محمد بن عبدالكريم بن عبدالواحد بن محمد بن أحمد الطالقاني، أبو الفتح

(۲) محمود بن محمد بن عبدالجبار المذكر الهرمزد ياري السروي ثم الجرجاني

(۳) سعد بن سعيد بن مسعود البزاز الحنيفي أبو الفتوح

(۴) زيد بن علي بن منصور بن علي الراوندي الاديب، ابو العلاء

(۵) سعيد بن محمد بن أبي بكر الحمامي، أبو النجيب

(۶) الحسن بن أبي الطيب العباس بن علي بن الحسن الرستمي، أبو عبدالله

(۷) أحمد بن الحسين بن بابا الأدوني

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۸) علی بن القاسم بن الرضا العلوی الحسنی، أبوالحسین

(۹) شمس الشرف بن علی بن عبیدالله الحسینی السلیقی، أبومحمد

(۱۰) یحیی بن طاهر بن الحسین المؤدب السمان ، أبو سعد

(۱۱) تیمان بن حیدر بن الحسن بن أبی عدی الکاتب، أبو علی

(۱۲) عبدالله بن علی بن عبدالله المقری الطامذی، أبو محمد

(۱۳) محمد بن حامد بن أبی قاسم الحسنی، أبوتراب

(۱۴) المرتضی بن الداعی بن القاسم الحسنی، أبو تراب

(۱۵) عمر بن أحمد بن منصور الصفار النیشاپوری ابو حفص

(۱۶) سهل بن عبدالرحمان بن محمد السراج النیشاپوری الزاهد أبومحمد

(۱۷) محمد بن الهیثمبن محمد، أبو سعد

(۱۸) المجتبی بن الداعی بن القاسم الحسنی، أبوحرب

(۱۹) عبدالکریم بن إسحاق بن سهلویه، أبو زرعة

(۲۰) جعفر إسحاق بن الحسن بن أبی طالب بن حربویه المعلم ،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منہل سکینہ ... مہدی لطیف آباد یونٹ

أبو الفضل

(۲۱) محمد بن حموية بن محمد الجونی الصوفی، أبو عبدالله

(۲۲) علی بن الحسن بن علی

(۲۳) الحسن بن علی بن أبی طالب الفرزادی هموسة، أبو علی

(۲۴) شرف بن عبدالمطلب بن جعفر الحسینی الافطسی الاصبهانی، أبو علی

(۲۵) محمد بن أحمد بن عبدالله المستوفی الاصفهانی، أبو شکر

(۲۶) عبدالرحمان بن عبدالله بن عبدالرحمان بن محمد الحصیری البصیر، أبوالفتوح

(۲۷) مبشر بن احمد بن محمود الصحاف، أبوالفتوح

(۲۸) أحمد بن عبدالوهاب بن الحسن بن الحسن الصراف البردینی، أبوالفتوح

(۲۹) مسعود بن علی بن منصور الأدیب، أبو محاسن

(۳۰) زید بن الحسن بن محمد البیهقی، أبو الحسین

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۳۱) الحسن بن محمد بن أحمد الاستر آبادی، عماد الدین ابومحمد

(۳۲) عبیداللہ بن الحسن بن الحسین بن بابویہ، أبو القاسم

(۳۳)محمد بن عبدالرحمان بن عبداللہبن الحسن مخاطرة الساوی، أبوحاتم

(۳۴) علی بن أحمد بن محمد اللباد، أبو الحسن

(۳۵) اسماعیل بن علی بن الحسین الحمامی، ابو القاسم

(۳۶) محمد بن أحمد بن محمد بن عمر الباغبان الاصبهانی، أبوبکر

(۳۷) محمد بن رجاء بن ابراهیم بن عمر بن یونس الاصبهانی، أبوالحسن

(۳۸) عبدالرحیم بن المظفر بن عبدالرحیم الحمدونی، أبومنصور

(۳۹) القاسم بن الفضل بن عبدالواحد الصیدلانی، أبو المطهر

(۴۰) لاحق بن الحبیب بن محمد بن علی الصیدلانی، أبو غالب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدارس کے طلاب کرام کے لئے اطلاع

مدارس میں پڑھائی جانے والی تمام کتب کی اشاعت جامعہ علمیہ ڈیفنس کراچی کی جانب سے گذشتہ چند سال سے جاری و ساری ہے ہماری حتی الامکان کوشش ہے کہ طلاب کرام کو کم سے کم ہدیہ میں درسی کتب مہیا کی جائیں۔ درسی کتب کے حصول کے لئے درج ذیل پتہ جات سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

۱ جامعہ علمیہ۔ ڈیفنس سوسائٹی فیز ۴۔ کراچی

فون نمبر 021-5888275

۲ رحمت اللہ بک ایجنسی۔ کاغذی بازار بالمقابل بڑا امام بارگاہ میٹھادر کراچی

فون نمبر: 2440803،2431577

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas